www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org

جماعت 10


سمارٹ

# اسلامیات

# (اختیاری)

- ☆ کثیر الانتخابی سوالات
- ☆ مختصر جوابی سوالات
- ☆ منتخب احادیث و قرآنی آیاتِ مبارکہ

مع ماڈل پیپرز



*Smart Notes are being published on www.pakcity.org for the welfare of respected teachers, dear students and all concerned.*

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



# باب نمبر 01 القرآن

## کثیر الانتخابی سوالات

01۔ قیامت کے دن صور پھونکیں گے؟
(a) حضرت جبرائیل علیہ السلام (b) حضرت عزرائیل علیہ السلام
(c) حضرت میکائیل علیہ السلام (d) حضرت اسرافیل علیہ السلام

02۔ اپنی اولاد کو قتل نہ کرو:
(a) تنگدستی کے خوف سے (b) بزدلی سے (c) شرمندگی سے (d) ظلم سے

03۔ عزت کا معیار ہے:
(a) نسل (b) رنگ (c) دولت (d) تقویٰ

04۔ کَاتِبِیْنَ کا ترجمہ ہے:
(a) دیکھنے والے (b) بولنے والے (c) لکھنے والے (d) چاہنے والے

05۔ تمہارے حرام ہیں دوسروں پر:
(a) کتابیں (b) خدمات (c) مال اور جان (d) تحائف

06۔ خاندان اور قومیں محض ہیں:
(a) دفاع کے لیے (b) پہچان کے لیے (c) کمائی کے لیے (d) فخر کے لیے

07۔ لوگوں کا تیسرا گروہ ہے ایمان کے اعتبار سے:
(a) مشرک (b) کافر (c) منافقین (d) مومنین

08۔ منافقین مسلمانوں سے کرتے ہیں:
(a) دوستی (b) مقابلہ (c) مذاق (d) امداد

09۔ توحید کے بعد حقوق ہیں:
(a) دوستوں کے (b) بچوں کے (c) والدین کے (d) ہمسائیوں کے

10۔ اللہ تعالیٰ نے مومنوں کے جان و مال کے بدلے میں خرید لیے ہیں:
(a) جنت کے (b) قیامت کے (c) قرآن کے (d) علم کے

11۔ خَلَقَ کے معنیٰ ہیں:
(a) مارا (b) پیدا کیا (c) جانا (d) جاننا

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



12۔ "اِذَاالسَّمَآءُ انۡفَطَرَتۡ" کا ترجمہ ہے:

(a) جب آسمان برس پڑے گا (b) جب آسمان پھٹ جائے گا
(c) جب آسمان سیاہ ہو جائے گا (d) جب آسمان مینہ برسائے گا

13۔ کواکب کے معنی ہیں:

(a) سیارے (b) چاند (c) ستارے (d) سورج

14۔ الٓمّٓ حروف کہلاتے ہیں:

(a) سورت (b) حروفِ مقطعات (c) اعداد (d) ابجد

15۔ کون سی کتاب تمام شکوک اور شبہات سے پاک ہے؟

(a) انجیل (b) زبور (c) قرآن مجید (d) تورات

16۔ حَبَّۃٌ کے معنی ہیں:

(a) دانہ (b) تنکا (c) روٹی (d) بالی

17۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کیے ہوئے مال پر اجر ملتا ہے:

(a) دوگنا (b) گیارہ گنا (c) سوگنا (d) سات سوگنا

18۔ کُوۡنُوۡا کے معنی ہیں:

(a) تُم ہو جاؤ (b) میں سو جاؤں (c) وہ ہو گیا (d) وہ ہو گئے

19۔ جب گواہی کے لیے بلایا جائے تو:

(a) انکار کر دو (b) گھر بیٹھو (c) حق کو چھپاؤ (d) انکار نہ کرو

20۔ قرآن نے سب سے زیادہ کس مسئلہ پر زور دیا؟

(a) باہمی تعلقات پر (b) عبادات پر (c) توحید پر (d) کائنات کی تخلیق پر

21۔ مُتَعَمِّدًا کے معنی ہیں:

(a) قصداً (b) جان بوجھ کر (c) اتفاقیہ (d) aاورbدونوں

22۔ اَعَدَّ کے معنی ہیں:

(a) تیار کیا (b) ڈبونا (c) تیرنا (d) مارا

23۔ بے شک فضول خرچ ہیں:

(a) شیطان کے بھائی (b) نالائق (c) سخی (d) aاورbدونوں

24۔ اللہ تعالیٰ نے کس کے مال کے قریب نہ جانے کا حکم دیا؟

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



(a) یتیم (b) اولاد (c) مالدار (d) دشمن

25۔ مالدار لوگوں کی امداد کے مستحق ہیں:

(a) غریب رشتہ دار (b) مسافر (c) یتیم (d) یہ تمام

26۔ حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم پر کس وجہ سے عذاب نازل ہوا؟

(a) زنا (b) حرام کاری (c) کم ناپنا اور تولنا (d) سود خوری

27۔ سورۃ الحجرات میں ارشاد ہوا ہے کہ: "اے ایمان والو! اگر کوئی فاسق آدمی تمہارے پاس کوئی خبر لائے تو۔۔۔۔۔۔ کر لیا کرو۔"

(a) یقین (b) اعتبار (c) خوب تحقیق (d) اعتماد

28۔ نفاق ایک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بیماری ہے۔

(a) جسمانی (b) رُوحانی (c) قلبی (d) دماغی

29۔ بِرٌّ کے معنی ہیں:

(a) نیکی (b) بڑائی (c) اچھائی (d) احسان

30۔ ذَوِی الْقُرْبٰی کے معنی ہیں:

(a) والدین (b) قرابت داری (c) ہمسائے (d) دوست

31۔ کسی کے متعلق پیٹھ پیچھے ایسی بات کرنا جس کو سن کر وہ ناراض ہو، وہ کہلاتی ہے:

(a) بدگمانی (b) جاسوسی (c) غیبت (d) منافقت

32۔ شہادت میں صرف خوشنودی مطلوب ہو:

(a) مدعی کی (b) قاضی کی (c) مجرم کی (d) اللہ تعالیٰ کی

33۔ یَعْلَمُوْنَ کا معنی ہے:

(a) وہ کھاتے ہیں (b) وہ پیتے ہیں (c) وہ جانتے ہیں (d) وہ آتے ہیں

34۔ اکڑ کر چلنے والا پھاڑ نہیں سکتا:

(a) زمین کو (b) آسمان کو (c) کپڑوں کو (d) کاغذ کو

35۔ تمہارے خون اور۔۔۔۔۔۔۔۔ تم پر حرام ہیں۔

(a) دشمن (b) دوست (c) مال (d) سونا

36۔ جَحِیْمٌ کے معنی ہیں:

(a) دوزخ (b) جنت (c) آسمان (d) ستارے

37۔ اَلرِّقَابُ کے معنی ہیں:

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



(a) گردنیں (b) اجسام (c) ہاتھ (d) ٹانگیں

38۔ صبر کے کڑے اور سخت مواقع ہیں:

(a) 2 (b) 3 (c) 4 (d) 5

39۔ اگر مسلمانوں کے دو فریق آپس میں لڑ پڑیں تو دوسرے مسلمانوں کو کیا کروانا چاہیے؟

(a) صلح (b) مزید بھڑکائیں (c) ان پر دباؤ ڈالیں (d) غیر جانبدار ہو جائیں

40۔ يُخٰدِعُوْنَ کے معنی ہیں:

(a) استہزاء کرنے والا (b) جانتے ہیں (c) دھوکہ دیتے ہیں (d) یقین کرتے ہیں

41۔ غیبت سے مراد ہے:

(a) پیٹھ پیچھے برائی کرنا (b) انکار کرنا (c) ناراض کرنا (d) خوش کرنا

42۔ ابن السبیل سے مراد ہے:

(a) مسافر (b) مقیم (c) لاوارث (d) یتیم

43۔ کم ناپنا اور تولنا بہت بڑا ہے:

(a) سزا (b) خیانت (c) جرم (d) نقصان

44۔ مُصْلِحُوْنَ کے معنی ہیں:

(a) دہشت گرد (b) اصلاح کرنے والے (c) جھوٹ بولنے والے (d) قتل کرنے والے

45۔ یقیناً بے حیائی اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بری راہ ہے۔

(a) زنا (b) خیانت (c) چوری (d) رشوت

46۔ اِشْتَرٰی کے معنی ہیں:

(a) خریدا (b) بیچا (c) ڈالا (d) خارج کر دیا

47۔ مغلولة کے معنی ہیں:

(a) لٹکا ہوا (b) کھلا ہوا (c) فضول خرچ (d) بندھا ہوا

48۔ سِوَای کے معنی ہیں:

(a) برابر (b) پردہ (c) بند کر دیا (d) ساتھی

49۔ سَنَابِلَ کے معنی ہیں:

(a) بالیاں (b) ایذاء (c) احسان (d) دانہ

50۔ قیامت کے مراحل ہیں:

www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



(a) 5 (b) 3 (c) 4 (d) 2

51۔ اللہ کی راہ میں خرچ کرو:

(a) دھات کو (b) قابلیت کو (c) مال کو (d) علم کو

52۔ تم پر نگہبان مقرر ہیں:

(a) انسان (b) جن (c) جانور (d) فرشتے

53۔ مال میں سے خرچ کرنا حرام ہے:

(a) دوست کے (b) یتیم کے (c) اپنے (d) والدین کے

54۔ قصاص کا حق قرآن کی رُو سے رکھتا ہے:

(a) والد (b) والدہ (c) ولی (d) وکیل

55۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کیا:

(a) محنت کے لیے (b) کاشتکاری کے لیے (c) عبادت کے لیے (d) تجارت کے لیے

56۔ لاریب کتاب ہے:

(a) قرآن پاک (b) تورات (c) زبور (d) انجیل

57۔ اے میرے رب! ان پر رحم فرما:

(a) پڑوسیوں پر (b) والدین پر (c) اساتذہ پر (d) دوستوں پر

58۔ جو کہتے ہیں وہ کرتے نہیں:

(a) دہریہ لوگ (b) یہودی (c) ہندو (d) منافق

59۔ اللہ تعالیٰ کی ہدایات سے کماحقہ فائدہ اٹھاتے ہیں:

(a) متقین (b) یہودی (c) عیسائی (d) مسلمین

60۔ انسان کو رب کے بارے میں دھوکے میں رکھا:

(a) فرشتوں نے (b) جنات نے (c) شیطان نے (d) بتوں نے

61۔ جَزَآءً کا معنیٰ ہے:

(a) تجزیہ (b) موازنہ (c) بدلہ (d) مقابلہ

62۔ بے شک ابرار ہوں گے (آیت مبارکہ کی رُو سے):

(a) جحیم میں (b) گھر میں (c) نعیم میں (d) میدان میں

☆☆☆☆☆

www.pakcity.org
pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

# باب نمبر 02 الاحادیث

## کثیر الانتخابی سوالات

01۔ تمام مسلمانوں کی مثال آپس میں ہے:

(a) جسم (b) ہاتھ (c) سر (d) ٹانگ

02۔ بہترین انسان پہل کرتا ہے:

(a) ایمان میں (b) کھانے میں (c) سلام میں (d) دوڑنے میں

03۔ جَارٌ کے معنی ہیں:

(a) بیٹا (b) پڑوسی (c) باپ (d) مریض

04۔ دوسروں سے نصیحت حاصل کرنے والا کہلاتا ہے:

(a) بادشاہ (b) سعادت مند (c) فقیر (d) حاجت مند

05۔ احسان کرنے والے کا شکریہ ادا کرنا۔۔۔۔۔۔۔۔ہے

(a) فرض (b) واجب (c) سنت (d) مستحب

06۔ انسان پر حکمران ہے:

(a) سر (b) دِل (c) دماغ (d) جسم

07۔ مسلمان وہ ہے جو دوسروں کو نقصان نہ دے، ہاتھ اور:

(a) دِل سے (b) زبان سے (c) کان سے (d) پاؤں سے

08۔ اے بصیرت والو! حاصل کرو:

(a) دولت (b) علم (c) عزت (d) نصیحت

09۔ واثلة الاسقع نام ہے:

(a) صحابی کا (b) تابعی کا (c) خوشبو کا (d) نبی کا

10۔ نبی ﷺ کی ہر بات ہے:

(a) وحی کی (b) خود کی (c) قرآن کی (d) حدیث کی

11۔ لَمْ يُوَقِّرْ کا معنی ہے:

(a) احترام نہ کرنا (b) احترام نہیں کیا (c) احترام نہیں کرتا (d) احترام نہ کیا جائے گا

12۔ لَمْ يَشْكُرْ کے معنی ہیں:

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



(a) شکر نہیں کرتا (b) ناشکرا (c) شکر ادا نہ کرنا (d) اس نے شکر ادا نہ کیا

13۔ بَاتَ کے معنی ہیں:

(a) بات کی (b) رات گزاری (c) گفتگو کی (d) رات کی

14۔ جائع کے معنی ہیں:

(a) بھوک (b) بھوکا (c) بھوک رکھنا (d) سیر ہو جانے والا

15۔ فَتَحَ کے معنی ہیں:

(a) کھولنا (b) کھولا (c) میں نے کھولا (d) اس نے کھولا

16۔ حسنات کے معنی ہیں:

(a) احسان (b) نیکی (c) نیکیاں (d) حُسن

17۔ حسد ختم کرتا ہے:

(a) دولت کو (b) خواہش کو (c) نیکیوں کو (d) دوستی کو

18۔ جسم کا حکمران ہے:

(a) دماغ (b) جگر (c) دِل (d) پیٹ

19۔ جو دوسروں سے سبق حاصل کرے وہ ہوتا ہے:

(a) سعادت مند (b) گنہگار (c) استاد (d) مفلس

20۔ دِمَائُکُمْ کے معنی ہیں:

(a) تمہارا جسم (b) تمہارا مال (c) تمہارا خون (d) تمہاری اولاد

21۔ اللہ نے فطرت میں رکھا ہے رحم:

(a) انسان کی (b) حیوان کی (c) شیطان کی (d) پرندے کی

22۔ دِل میں محبت پیدا ہوتی ہے:

(a) لڑائی سے (b) صفائی سے (c) سلام سے (d) محنت سے

23۔ جس نے لوگوں کا شکریہ ادا کیا، اس نے شکریہ ادا کیا:

(a) رشتہ داروں کا (b) اللہ تعالیٰ کا (c) ہمسایوں کا (d) دوستوں کا

☆☆☆☆☆

www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



# باب نمبر 03 تعلیماتِ اسلام کثیر الانتخابی سوالات

**01۔** نصف ایمان ہے:

(a) پاکیزگی (b) نیک اعمال (c) عبادت (d) سچائی

**02۔** جب تو کھو دے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تو جو جی چاہے کر۔ (الحدیث)

(a) نماز (b) مساوات (c) انصاف (d) حیا

**03۔** تمام نیکیوں کی جڑ ہے:

(a) روزہ (b) توحید (c) اخوت (d) انصاف

**04۔** طہارت کی کتنی قسمیں ہیں؟

(a) 2 (b) 3 (c) 4 (d) 5

**05۔** ربِّ زِدْنِیْ عِلْمًا کس نبی کی دعا ہے؟

(a) حضرت موسیٰ علیہ السلام (b) حضرت ابراہیم علیہ السلام

(c) حضرت نوح علیہ السلام (d) حضرت محمد ﷺ

**06۔** جہاد کس زبان کا لفظ ہے؟

(a) ہندی (b) انگریزی (c) عربی (d) فارسی

**07۔** اسلام کی رُو سے مرکزی حیثیت حاصل ہے:

(a) تلاوتِ قرآن پاک کو (b) حج کو (c) توحید کو (d) نماز کو

**08۔** تعلیماتِ اسلام میں بنیادی حیثیت حاصل ہے:

(a) رسالت کو (b) نبوت کو (c) توحید کو (d) ولایت کو

**09۔** انسان میں خود داری اور عزت نفس پیدا ہوتی ہے:

(a) عقیدۂ توحید سے (b) عقیدۂ رسالت سے (c) عقیدۂ آخرت سے (d) ایمان بالغیب سے

**10۔** قرآن میں اللہ رب العزت نے نجس اور ناپاک قرار دیا ہے:

(a) حاسدوں کو (b) غیبت کرنے والوں کو (c) مشرکوں کو (d) چغلی کھانے والوں کو

**11۔** سورۃ لقمان میں ہے کہ "بے شک بہت بڑا ظلم ہے:"

(a) قتل (b) شرک (c) حسد (d) غیبت

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



12۔ ناقابلِ معافی گناہ ہے:

(a) جھوٹ (b) شرک (c) غیبت (d) چوری

13۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو زمین پر بخشی:

(a) بادشاہت (b) طاقت (c) دولت (d) خلافت

14۔ اللہ تعالیٰ کون سا جرم نہ بخشے گا؟

(a) جھوٹ (b) شراب نوشی (c) چوری (d) شرک

15۔ حقوق اللہ کا تعلق ہے:

(a) بندوں سے (b) حقوق الزوجین سے (c) اللہ تعالیٰ سے (d) جانوروں سے

16۔ کائنات کی ہر چیز کا حقیقی مالک ہے:

(a) فرشتوں کی (b) نبیوں کی (c) اللہ تعالیٰ کی (d) اسلام کی

17۔ سر تاج کا تقاضا ہے:

(a) دولت (b) حشرات (c) انسان (d) جن

18۔ وہ مقام جس پہ آپ ﷺ نے آخری خطبہ دیا:

(a) مدینہ (b) مکہ (c) منیٰ (d) میدان عرفات

19۔ کس نے قسم کھا کر کہا کہ حضور ﷺ ناطق قرآن ہیں؟

(a) حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا (b) حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا

(c) حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا (d) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا

20۔ کس نبی کی پوری زندگی قرآن کی عملی تفسیر ہے؟

(a) حضرت موسیٰ علیہ السلام (b) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

(c) حضرت داؤد علیہ السلام (d) حضرت محمد ﷺ

21۔ گندے خیالات و افکار سے پاک ہونا کہلاتا ہے:

(a) طہارتِ جسم (b) طہارتِ لباس (c) طہارتِ فکر (d) a اور b دونوں

22۔ طہارتِ جسم سے فرق کہلاتا ہے:

(a) انسان اور حیوان میں (b) پرندے اور جانور میں (c) فرشتے اور جانور میں (d) استاد اور شاگرد میں

23۔ جسم کی صفائی سے ـــــــــــــــــــــ کو مسرت حاصل ہوتی ہے۔

(a) انسان (b) ذہن (c) دِل (d) روح

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



24۔ ------------ سیکھنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔
(a) علم (b) کام (c) کتاب (d) ڈرائیونگ

25۔ علم الادیان کا معنی ہے:
(a) دین کا علم (b) جسم کا علم (c) معاش کا علم (d) جنگ کا علم

26۔ عالم اور جاہل نہیں ہوتے:
(a) معاون (b) کامیاب (c) برابر (d) نیک

27۔ پہلی وحی میں تلقین کی گئی ہے:
(a) نماز کی (b) روزے کی (c) علم کی (d) زکوٰۃ کی

28۔ حدیث نبوی ﷺ ہے کہ علم حقیقت میں ہیں:
(a) ایک (b) دو (c) تین (d) چار

29۔ حدیث کے مطابق علم دو ہیں ایک دین اور دوسرا-------------کا۔
(a) دانائی (b) سائنس (c) طب (d) ٹیکنالوجی

30۔ علم سکھانا ہے:
(a) صدقہ (b) ناجائز (c) فرض (d) ممنوع

31۔ عمل------------کے تابع ہیں۔
(a) کتاب (b) علم (c) دولت (d) مددگار

32۔ اہل یورپ اپنی جہالت دور کرنے کے لیے رخ کرتے تھے:
(a) دہلی (b) لاہور (c) اندلس (d) ڈھاکہ

33۔ حضرت نوح علیہ السلام کا پیشہ تھا:
(a) خیاطی (b) نجاری (c) بزازی (d) تجارت

34۔ قاضی کا مجرم کو معاف کرنا بہتر ہے:
(a) ظلم سے (b) سزا دینے سے (c) جلدی سے (d) سُستی سے

35۔ قسم کا اٹھانا ذمہ ہے:
(a) مدعی (b) جج (c) مدعا علیہ (d) وکیل

36۔ حضور ﷺ نے یمن کا گورنر مقرر کیا:
(a) حضرت علی رضی اللہ عنہ کو (b) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



(c) حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کو (d) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو

**37۔** قریشی خاتون کی سفارش کے لیے آپ ﷺ کے پاس بھیجا گیا تھا:

(a) حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو (b) حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو

(c) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو (d) حضرت زید بن حارث رضی اللہ عنہ کو

**38۔** قاضی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو پکارا:

(a) جناب علی (b) ابو تراب (c) حیدر کرار (d) اسد اللہ غالب

**39۔** جہاد کی تیاری کا حکم کون سی سورت میں ہے؟

(a) فاتحہ (b) انفال (c) اخلاص (d) کوثر

**40۔** جہاد کا معنی ہے:

(a) کوشش کرنا (b) صدقہ کرنا (c) ظلم کرنا (d) قتل کرنا

**41۔** اسلام کے ارکان میں شامل نہیں ہے:

(a) نماز (b) روزہ (c) حج (d) جہاد

**42۔** جہاد کی اقسام ہیں:

(a) جہاد بالارضی (b) جہاد بالنفس (c) جہاد بالقلب (d) b اور c دونوں

**43۔** جہاد میں شرکت اہل و عیال میں رہ کر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سال کی عبادت سے افضل ہے۔

(a) دس (b) پندرہ (c) چالیس (d) ساٹھ

**44۔** اسلام میں کون سا ذریعۂ معاش ناجائز ہے؟

(a) تجارت (b) زراعت (c) جوا (d) سرکاری ملازمت

**45۔** رزقِ حلال کمانے کا ایک مستحسن ذریعہ ہے، جسے رسول اللہ ﷺ نے پسند فرمایا:

(a) شکار (b) ملازمت (c) تجارت (d) صنعت و حرفت

**46۔** اسلام کی نظر میں سمگلر ہے:

(a) مزدور (b) محبِ وطن (c) صنعت کار (d) غدّارِ وطن

**47۔** اے لوگو! جو کچھ زمین میں پاکیزہ ہے کھاؤ اور شیطان تمہارا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

(a) بھائی (b) چچا (c) دوست (d) دشمن

**48۔** عشر ادا کیا جاتا ہے:

(a) زمین کی پیداوار پر (b) تنخواہ پر (c) چاندی پر (d) سونے پر

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



49۔ ہر دین کے لیے کچھ اخلاق ہیں اور اسلام کا اخلاق ہے:
(a) علم (b) حلم (c) رحم (d) حیا

50۔ کائنات کے امن کا دارومدار ہے:
(a) نماز پر (b) انصاف پر (c) تجارت پر (d) زکوٰۃ پر

51۔ بے شک اللہ کے ہاں زیادہ عزت والا ہے:
(a) امیر (b) غریب (c) متقی (d) نمازی

52۔ رشتہ دار کو اس کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دیجیے۔
(a) ورثہ (b) حق (c) حصہ (d) مال

53۔ مفاد عامہ سے وابستہ چیزیں ملکیت ہوتی ہیں:
(a) حکومت کی (b) چپڑاسی کی (c) بچوں کی (d) نمبردار کی

54۔ مہاتما بدھ نے حاصل کرنے کے لیے عبادات کیں:
(a) مہمان (b) دولت (c) نروان (d) علم

55۔ اسلامی عبادات میں جھلک نظر آتی ہے:
(a) افراط و تفریط کی (b) اعتدال کی (c) سختی کی (d) تربیت کی

56۔ اسلام میں دنیا سے فرار اختیار کرنے والا تصور ہوتا ہے:
(a) اشتہاری (b) مجرم (c) راہب (d) رہبر

57۔ اسلام کے آنے سے خاتمہ ہوا:
(a) غلامی کا (b) انصاف کا (c) بہادری کا (d) علم کا

58۔ عبادتیں ہو سکتی ہیں:
(a) صرف مساجد میں (b) ہر پاک جگہ پر (c) کسی بھی جگہ پر (d) کسی بھی عبادت گاہ میں

59۔ صرف عقیدے سے کام نہیں بنتا بلکہ کامرانی اور نجات کے لیے ضروری ہے:
(a) عمل (b) جہاد (c) جنگ (d) حصولِ علم

60۔ اسلامی عبادات، انسانوں کو آراستہ کرتی ہیں:
(a) زیور علم سے (b) زیور انسانیت سے (c) زیور روحانیت سے (d) زیور فضیلت سے

61۔ جہاد کی اقسام ہیں:
(a) ایک (b) دو (c) پانچ (d) سات

www.pakcity.org
Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



62۔ نصف ایمان ہے:

(a) طہارت (b) ایمانداری (c) عدل (d) صداقت

63۔ اسلام کی نگاہ میں سود جڑ ہے:

(a) پیداوار کی (b) تجارت کی (c) انصاف کی (d) ظلم کی

64۔ عبادت کے بعد دوسرا فرض ہے:

(a) خیر خواہی (b) تلاش رزق حلال (c) مساوات (d) سچائی

65۔ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کس کی اطاعت کے بغیر ممکن نہیں؟

(a) رسول اکرم ﷺ (b) اصحابِ رسول (c) خلفائے راشدین (d) قرآنِ پاک

66۔ شوہر کا ایک فرض ہے کہ وہ اپنی بیوی سے رکھے:

(a) ناانصافی (b) اچھا سلوک (c) ظلم (d) برا سلوک

67۔ انسان میں عزت نفس اور خودداری پیدا ہوتی ہے ایمان لانے سے:

(a) رسالت پر (b) آخرت پر (c) توحید پر (d) فرشتوں پر

68۔ رسول کریم حضرت محمد ﷺ پر ہمارا ایمان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حیثیتوں سے ضروری ہے۔

(a) تین (b) چار (c) دو (d) پانچ

☆☆☆☆☆

# باب نمبر 04 عربی قواعد کثیر الانتخابی سوالات

01۔ شَرِبَ مثال ہے:

(a) ضمیر کی (b) فعل کی (c) حرف کی (d) اسم کی

02۔ دَخَلَ مثال ہے:

(a) فعل کی (b) حرف کی (c) اسم معرفہ کی (d) فعل ماضی کی

03۔ "تَکْتُبُ" کے معنی ہیں:

(a) تو لکھتا ہے (b) ہم لکھتے ہیں (c) میں لکھتا ہوں (d) وہ لکھتا ہے

04۔ فعل مضارع میں زمانے پائے جاتے ہیں:

(a) پانچ (b) چار (c) تین (d) دو

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



05۔ اَنْتَ اور اَنَا مثالیں ہیں:

(a) اسم نکرہ کی (b) اسم ضمیر کی (c) فعل کی (d) اسم جمع کی

06۔ وہ فعل جس میں کسی کام کا گزرے ہوئے زمانے میں واقع ہونا سمجھا جائے وہ کہلاتا ہے:

(a) فعل مضارع (b) فعل ماضی (c) فعل مستقبل (d) فعل امر

07۔ وہ مرکب ناقص جو صفت اور موصوف سے مل کر بنے کہلاتا ہے:

(a) اضافی (b) مرکب توصیفی (c) جملہ اسمیہ (d) جملہ فعلیہ

08۔ وہ جملہ جس کا پہلا جزو اسم ہو کہلاتا ہے:

(a) فعلیہ (b) اسمیہ (c) سوالیہ (d) کوئی بھی نہیں

09۔ وہ جملہ جس کا پہلا جزو فعل ہو کہلاتا ہے:

(a) اسمیہ (b) فعلیہ (c) سوالیہ (d) کوئی بھی نہیں

10۔ وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو کہلاتا ہے:

(a) معروف (b) مجہول (c) لازم (d) متعدی

11۔ عربی زبان میں مضارع کے کتنے صیغے ہیں؟

(a) دس (b) بارہ (c) چودہ (d) سولہ

12۔ اِفْعَلْ کس زمانہ کی مثال ہے؟

(a) ماضی معروف کی (b) مضارع کی (c) امر کی (d) منفی کی

13۔ کَتَبَ مثال ہے:

(a) ماضی مطلق کی (b) فعل حال کی (c) مستقبل کی (d) کوئی بھی نہیں

14۔ فعل امر کے صیغے ہوتے ہیں:

(a) 3 (b) 6 (c) 12 (d) 5

15۔ عَلٰی کا مطلب ہے:

(a) سے (b) میں (c) پر (d) نیچے

☆☆☆☆☆

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



# باب نمبر 01 القرآن

## مختصر جوابی سوالات

**سوال 1:** صبر کرنے کے اہم مواقع بیان کیجیے۔

**جواب:** صبر کرنے کے تین اہم مواقع درج ذیل ہیں:

1۔مالی تنگی (اَلْبَاْسَاءُ) کے وقت

2۔جب کوئی بیماری لاحق ہو (اَلضَّرَّاء)۔

3۔میدانِ جنگ میں گھمسان کا رن پڑا ہو (اَلْبَاْسُ)۔

**سوال 2:** بدگمانی اور جاسوسی کا کیا مطلب ہے؟

**جواب:** بدگمانی سے مراد کسی کے بارے میں برا خیال کرنا یا رکھنا اور جاسوسی سے مراد ہے کہ کسی کے خفیہ حالات کو جاننے کی کوشش کرنا۔

**سوال 3:** متقین کی دو صفات بیان کیجیے۔

**جواب:** متقین کی دو صفات درج ذیل ہیں:

1۔ غیر محسوس اور غیر مادی چیزوں پر عقیدہ رکھتے ہیں۔

2۔نماز قائم کرتے ہیں۔

**سوال 4:** منافقت کیا ہے؟

**جواب:** ظاہر اور باطن میں تضاد کو منافقت کہا جاتا ہے۔ نفاق ایک قلبی بیماری ہے منافقین کی سرکشی کے باعث اس میں اضافہ ہو جاتا ہے ان کا خیال ہے کہ منافقت کی وجہ سے انہیں کچھ فائدہ پہنچ جائے گا لیکن ایسا ممکن نہیں ہے۔

**سوال 5:** شرک کیا ہے؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ کی ذات، صفات اور عبادت میں کسی کو شریک ٹھہرانا شرک کہلاتا ہے۔ یہ کفر اور اللہ سے انکار کی ایک شکل ہے۔ شرک ایک ناقابل معافی جرم ہے۔

**سوال 6:** ترجمہ کیجیے: فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ

**جواب:** ترجمہ: "اے بصیرت والو! عبرت حاصل کرو۔"

**سوال 7:** اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنے کو قرآن مجید نے کس مثال سے بیان کیا ہے؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے اپنی راہ میں خرچ کرنے کو اس طرح بیان کیا ہے کہ جیسے ایک دانہ کہ اس سے سات بالیاں نکلیں اور ہر بالی میں سو سو دانے ہوں یعنی اللہ کی راہ میں خرچ کرنا اپنے مال کو سات سو گنا زیادہ کرنا ہے۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



**سوال 8:** معانی لکھیے: اِنۡفَطَرَتۡ، کَوَاکِبُ، اِنۡتَثَرَتۡ، فُجِّرَتۡ

**جواب:** اِنۡفَطَرَتۡ کا معانی ہے "پھٹ جائے گا"۔

کَوَاکِبُ کا معانی ہے "ستارے"۔

اِنۡتَثَرَتۡ کا معانی ہے "بکھر جائیں گے"۔

فُجِّرَتۡ کا معانی ہے "بہا دیے جائیں گے"۔

**سوال 9:** اللہ تعالیٰ کا سچا وعدہ کن کتابوں میں ہے؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ کا سچا وعدہ درج ذیل کتب میں ہے:

1۔ تورات 2۔ انجیل 3۔ قرآن مجید

**سوال 10:** تکبر کی وضاحت کیجیے۔

**جواب:** تکبر کا مطلب ہے اپنے آپ کو بڑا سمجھ کر دوسروں کو حقیر سمجھنا۔

**سوال 11:** معانی لکھیے: نَعِيۡمٌ، فُجَّارٌ، جَحِيۡمٌ

**جواب:** نَعِيۡمٌ کا معانی ہے "آسائش، خوشی"۔

فُجَّارٌ کا معانی ہے "بدکار لوگ"۔

جَحِيۡمٌ کا معانی ہے "تیز دہکتی ہوئی آگ"۔

**سوال 12:** تقویٰ کیا چیز ہے؟

**جواب:** دل میں خوفِ خدا موجود ہونا، نیک و بد میں تمیز کرنا، ہدایت کی تلاش میں کوشاں رہنا اور قرآن کریم کو ہدایت کا سرچشمہ سمجھنا تقویٰ کہلاتا ہے۔

**سوال 13:** ترجمہ کیجیے: وَاتَّقُوا اللّٰهَ

**جواب:** ترجمہ: "اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔"

**سوال 14:** انسان اپنے آپ کو کیسے ذلیل کرتا ہے؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے انسان کو معزز پیدا کیا ہے اگر وہ ہر ایک کے آگے ہاتھ بڑھانے لگے تو ساری عزت برباد ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ بھی اسے پسند نہیں کرتا کہ انسان غیروں کے سامنے ہاتھ پھیلائے۔ جو انسان خود اپنے کو ذلیل کرتا ہے خدا بھی اس پر ذلت مسلط کر دیتا ہے اور اس کے لیے تنگی اور افلاس کا دروازہ کھول دیتا ہے۔

**سوال 15:** فضول خرچی سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** ادائیگی حقوق میں سب سے بڑی رکاوٹ فضول خرچی ہے۔ فضول خرچ انسان دوسروں کے حقوق کو پس پشت ڈال کر اپنی ذات پر زیادہ سے زیادہ پیسے خرچ کرتا ہے۔ قرآن مجید نے فضول خرچی کرنے والوں کو شیطان کا بھائی قرار دیا ہے۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



**سوال 16:** ترجمہ لکھئے: وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ

**جواب:** ترجمہ: "اور یتیم کے مال کے قریب بھی نہ جاؤ۔"

**سوال 17:** ترجمہ کیجیے: وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ

**جواب:** ترجمہ: "اور ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔"

**سوال 18:** یتیموں کے بارے میں قرآن مجید کے حکم کی وضاحت کیجیے۔

**جواب:** ارشاد ربانی ہے:

ترجمہ: "اور تم یتیم کے مال کے بھی قریب نہ جاؤ مگر اس طریقے سے جو اس کے حق میں بہتر ہو یہاں تک کہ وہ شباب کو پہنچ جائے۔"

**سوال 19:** معانی لکھئے: مَيْسُور ، مَحْسُور

**جواب:** مَيْسُور کا معانی ہے "نرم"۔

مَحْسُور کا معانی ہے "عاجز"۔

**سوال 20:** فاسق کی خبر کے بارے میں قرآن میں کیا حکم ہے؟

**جواب:** فاسق کی خبر کے بارے میں قرآن کا حکم ہے کہ اگر کوئی فاسق یا شریر انسان تمھیں کوئی خبر پہنچائے تو اس پر عمل کرنے سے پہلے خوب تحقیق کر لو تا کہ ایسا نہ ہو کہ تم جہالت میں کسی قوم کو تکلیف پہنچاؤ جس پر تمہیں بعد میں پچھتانا پڑے۔

**سوال 21:** یوم الحساب کا آخری مرحلہ کیا ہو گا؟

**جواب:** یوم الحساب کا آخری مرحلہ اس وقت آئے گا جب نیکوکار جنت میں داخل کر دیے جائیں گے ۔ ہر قسم کا آرام اہل جنت کو ملے گا ۔ بر خلاف اس کے بدکار لوگ دوزخ میں داخل ہوں گے۔ جہاں ہر قسم کا عذاب ہو گا۔

**سوال 22:** ترجمہ کیجیے: وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا○

**جواب:** ترجمہ: "اور اس کے لیے بڑا عذاب تیار کر رکھا ہے۔"

**سوال 23:** يَوْمُ الْبَعْثِ سے کون سا دن مراد ہے؟

**جواب:** یوم البعث سے مراد وہ دن ہے جب حضرت اسرافیل علیہ السلام صور پھونکیں گے جس پر تمام مُردے زندہ ہو جائیں گے اور اپنی قبروں سے نکل پڑیں گے اور کائنات ایک نئے نظام کے تحت موجود ہو جائے گی۔ اس دِن کو یوم البعث کہتے ہیں۔

**سوال 24:** میانہ روی سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** فضول خرچی اور کنجوسی کی درمیانی راہ میانہ روی ہے۔ میانہ روی اختیار کرنے والا شخص کبھی محتاج نہیں ہوتا۔ کیونکہ وہ میانہ روی سے اپنی زندگی کو اچھی طرح سے گزار سکتا ہے۔

**سوال 25:** قرآنی آیت کی رُو سے مجاہدین کی دو صفات بیان کیجیے۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



**جواب:** مجاہدین کی دو صفات درج ذیل ہیں:

1۔ مجاہدین اللہ تعالیٰ کی راہ میں سفر کرنے والے ہیں۔ 2۔ اللہ تعالیٰ کی ہر گھڑی حمد و ثناء کرنے والے ہیں۔

**سوال26:** وضاحت کیجیے: کِرَامًا کَاتِبِیْنَ

**جواب:** کراماً کاتبین اللہ تعالیٰ کے وہ معزز فرشتے ہیں جو ہر انسان کے اچھے اور برے اعمال لکھتے رہتے ہیں۔

**سوال27:** فضول خرچ کون ہیں؟

**جواب:** فضول خرچ انسان دوسروں کے حقوق نظر انداز کر کے اپنی ذات پر زیادہ سے زیادہ پیسے خرچ کر دیتا ہے۔ قرآن مجید نے فضول خرچی کرنے والوں کو شیطانوں کے بھائی کہا ہے کیونکہ فضول خرچ اللہ تعالیٰ کا ویسا ہی ناشکرا ہے جس طرح شیطان اللہ تعالیٰ کا ناشکرا ہے۔ فضول خرچ دولتِ دنیا کو والدین، رشتہ داروں، غریبوں اور مسافروں کی امداد میں خرچ کرنے کی بجائے بے جا عیش و عشرت پر خرچ کر دیتا ہے ۔

**سوال28:** زکوٰۃ کے کوئی سے دو مستحقین لکھیے۔

**جواب:** زکوٰۃ کے مستحقین میں درج ذیل لوگ شامل ہیں:

فقرا اور مساکین۔

**سوال29:** معنی لکھیے: غَائِبِیْنَ

**جواب:** غَائِبِیْنَ کا معانی ہے "غیر حاضر"۔

**سوال30:** ترجمہ کیجیے: وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ

**جواب:** ترجمہ: "اور وہ نماز قائم کرتے ہیں۔"

**سوال31:** انفاق فی سبیل اللہ سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** "انفاق فی سبیل اللہ" سے مراد ہے، اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنا یعنی ضرورت سے زیادہ مال ضرورت مندوں پر خرچ کر دینا۔

**سوال32:** تکبر کی نسبت شیطان کس سزا کا مستحق ہوا؟

**جواب:** تکبر کی نسبت شیطان کافروں میں سے ہو گیا اور قیامت تک اللہ تعالیٰ کی لعنت کا مستحق ٹھہرا۔

**سوال33:** فی سبیل اللہ کا کیا معنی ہے؟

**جواب:** معنی: "اللہ کی راہ میں"

**سوال34:** نظامِ شہادت کے دو اصول بیان کیجیے۔

**جواب:** نظامِ شہادت کے دو اصول درج ذیل ہیں:

1۔ گواہی انصاف پر مبنی ہو اگرچہ وہ گواہی اپنی ہی ذات یا والدین یا رشتہ داروں کے خلاف ہی کیوں نہ ہو۔

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



2۔ گواہی دیتے وقت کسی قسم کی دشمنی اس بات پر تمہیں آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرو، انصاف کرو۔ انصاف کرنا ہی پرہیز گاری کے زیادہ قریب ہے۔

**سوال 35:** **ناپ تول میں کمی کرنے سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** ناپ تول میں کمی کرنے سے مراد یہ ہے کہ جب کوئی چیز خریدی جائے تو اس کی مقدار اور تول کو مقررہ حد سے زیادہ وصول کیا جائے اور جب کوئی چیز فروخت کی جائے تو مقررہ حد سے اس کی مقدار اور تول میں کمی کے ساتھ دی جائے۔

**سوال 36:** **والدین کے دو حقوق بیان کیجیے۔**

**جواب:** والدین کے دو حقوق درج ذیل ہیں:

1۔ والدین کے ساتھ حسن سلوک کرنا۔ 2۔ والدین کا احترام کرنا۔

**سوال 37:** **منافق کی کوئی سی دو علامات لکھیے۔**

**جواب:** منافق کی دو علامات مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ جب بات کرے تو جھوٹ بولے۔ 2۔ جب وعدہ کرے تو اس کی خلاف ورزی کرے۔

**سوال 38:** **متقی لوگوں کی چار خصوصیات لکھیے۔**

**جواب:** متقی لوگوں کی چار خصوصیات درج ذیل ہیں:

1۔ وہ غیب پر ایمان رکھتے ہیں۔

2۔ وہ نماز قائم کرتے ہیں۔

3۔ وہ اللہ تعالیٰ کے دیے ہوئے رزق میں سے خرچ کرتے ہیں۔

4۔ وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔

**سوال 39:** **الرقاب کی وضاحت کیجیے۔**

**جواب:** "الرقاب" سے مراد یہ ہے کہ غلامی یا قرض کے بوجھ سے اپنے آپ کو آزاد کرانے والے۔ یہ لوگ مالدار لوگوں کی امداد کے مستحق ہیں۔ دینِ اسلام میں غلاموں کی رہائی میں خرچ کرنے پر تاکید کی گئی ہے۔

**سوال 40:** **معانی لکھیے: يُقَاتِلُوْنَ ، يُقْتَلُوْنَ**

**جواب:** يُقَاتِلُوْنَ کا معنی ہے "لڑائی کرتے ہیں"۔

يُقْتَلُوْنَ کا معنی ہے "قتل کیے ہیں"۔

**سوال 41:** **چار آسمانی کتابوں کے نام لکھیے۔**

**جواب:** چار آسمانی کتابیں درج ذیل ہیں:

1۔ تورات 2۔ زبور 3۔ انجیل 4۔ قرآن مجید

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



**سوال 42:** معانی تحریر کیجیے: سَنَابِلَ ، یُضٰعِفُ

**جواب:** سَنَابِلَ کا معنی ہے "بالیاں"۔

یُضٰعِفُ کا معنی ہے "بڑھاتا ہے"۔

**سوال 43:** نرم گفتاری کے بارے میں اسلامی تعلیمات کیا ہیں؟

**جواب:** نرم گفتاری کے متعلق اسلامی تعلیمات یہ ہیں کہ اگر ضرورت مند تم سے سوال کریں اور اس وقت تمہارے پاس دینے کے لیے کچھ نہ ہو اور اس مجبوری کے تحت مستحقین سے منہ پھیرنا پڑے تو ان سے سختی سے پیش نہ آؤ اور ان کے ساتھ توہین آمیز رویہ اختیار نہ کرو بلکہ نرمی سے سمجھا دو کہ اس وقت میرے پاس کچھ نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ سے امید ہے کہ میری یہ تنگدستی ختم کر دے گا تب میں ضرور تمہاری مدد کروں گا۔

**سوال 44:** رشتہ داروں کے دو حقوق لکھئے۔

**جواب:** رشتہ داروں کے دو حقوق درج ذیل ہیں:

1۔ بوقتِ ضرورت حسبِ مقدور مدد کرنا۔

2۔ ہر قسم کی تکلیف پہنچانے سے اجتناب کرتے رہنا اور ان کے ساتھ حسنِ سلوک کرنا۔

☆☆☆☆☆

# باب نمبر 02 الاحادیث مختصر جوابی سوالات

**سوال 1:** ہمسائے کے دو حقوق بیان کیجیے۔

**جواب:** ہمسائے کے دو حقوق مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ ہمسائے کے ساتھ حسنِ سلوک کرنا چاہیے۔ 2۔ ہمسایہ بھوکا ہے تو اسے پیٹ بھر کر کھانا کھلانا چاہیے۔

**سوال 2:** لَمْ یَشْکُرْ کا کیا معنی ہے؟

**جواب:** لَمْ یَشْکُرْ کا معنی ہے "اس نے شکر نہ کیا"۔

**سوال 3:** مومن آپس میں کیا ہیں؟

**جواب:** مومن آپس میں ایک دوسرے کے بھائی ہیں۔

**سوال 4:** شیطان نے تکبر کی بنیاد کیسے رکھی؟

**جواب:** شیطان نے تکبر کی بنیاد حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کر کے رکھی اور قیامت تک کے لئے ملعون قرار پایا۔

**سوال 5:** فَقْر اور غِنٰی کے معنی تحریر کیجیے۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



**جواب:** فَقْر کا معنی ہے "تنگی، افلاس" اور عَلٰی کا معنی ہے "پر، اوپر"۔

**سوال 6:** **تکبر کے بارے میں حضور پاک ﷺ نے کیا فرمایا؟**

**جواب:** تکبر کے بارے میں حضور پاک ﷺ کا فرمان ہے کہ وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہو گا جس کے دِل میں ذرّہ برابر تکبر ہو گا۔

**سوال 7:** **حدیث مبارکہ کی رُو سے مسلمان کی تعریف کیجیے۔**

**جواب:** مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

**سوال 8:** **ہمسائیوں کے حقوق کے بارے میں حدیث نبوی ﷺ بیان کیجیے۔**

**جواب:** ترجمہ: "وہ شخص مجھ پر ایمان نہیں لایا جس نے سیر ہو کر رات گزاری اور اس کا ہمسایہ بھوکا رہا۔"

**سوال 9:** **پہلے سلام لینے کے کیا فوائد ہوتے ہیں؟**

**جواب:** جس نے پہلے سلام کیا اس نے خیر کے عمل میں سبقت حاصل کی۔ اس کے علاوہ جس پر سلام کیا اس کے دِل میں اپنی محبت پیدا کر لی۔ سلام میں پہل کرنے سے عاجزی پیدا ہوتی ہے۔

**سوال 10:** **حسد کا مفہوم بیان کیجیے۔**

**جواب:** حسد اس خواہش کا نام ہے کہ جسے مِلا اسے کیوں مِلا؟ اگر کسی کو کچھ مِلا ہے تو اس سے سلب کر لیا جائے اور مجھے مِل جائے۔

**سوال 11:** **حدیث مبارکہ کی رُو سے سعادت مند کون ہے؟**

**جواب:** حدیث مبارکہ کی رُو سے سعادت مند وہ ہے جو دوسروں سے سبق حاصل کرے۔

**سوال 12:** **نبی کریم ﷺ کی بچوں کے ساتھ شفقت کے بارے میں دو سطور لکھیے۔**

**جواب:** آپ ﷺ کی بچوں کے ساتھ شفقت مثالی تھی۔ آپ ﷺ بچوں کے ساتھ بہت زیادہ پیار کرتے تھے۔ مختلف احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ بچوں کو گود میں اٹھا لیتے، انہیں بوسہ دیتے، سواری کے وقت اپنے پیچھے بٹھا لیتے۔

**سوال 13:** **حدیث مبارکہ کی رُو سے افضل انسان کون ہے؟**

**جواب:** حدیث مبارکہ کی رُو سے افضل اور بہترین انسان وہ ہے جو پہلے سلام کرے۔

**سوال 14:** **ترجمہ کیجیے: وَلَمْ یُوَقِّرْ کَبِیْرَنَا**

**جواب:** ترجمہ: "اور ہمارے بڑوں کا احترام نہ کرے۔"

**سوال 15:** **ترجمہ لکھیے: اَلسَّعِیْدُ مَنْ وُّعِظَ بِغَیْرِہٖ**

**جواب:** ترجمہ: "سعادت مند وہ ہے جو دوسروں سے سبق حاصل کرے۔"

**سوال 16:** **رحم کے بارے میں حدیث کا مفہوم بیان کیجیے۔**

**جواب:** حدیث مبارکہ ہے: "وہ شخص ہم میں سے نہیں جس نے ہمارے چھوٹے پر رحم نہیں کھایا اور بڑے کا احترام نہیں کیا۔"

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



اس حدیث مبارکہ میں آدابِ معاشرت کا ایک زرّیں اصول سمجھایا گیا ہے کہ بڑوں کی عزت کی جائے اور چھوٹوں پر رحم کھایا جائے۔ جو بڑوں کی عزت نہیں کرتا اور چھوٹوں کے ساتھ شفقت سے پیش نہیں آتا وہ اُمتِ محمدی ﷺ سے خارج ہے۔

**سوال 17:** ترجمہ کیجیے: فَاعْتَبِرُوْا یٰٓاُولِی الْاَبْصَارِ

**جواب:** ترجمہ: "اے بصیرت والو! عبرت حاصل کرو۔"

**سوال 18:** ترجمہ لکھئے: فَاسْتَبِقُوا الْخَیْرٰتِ ؕ

**جواب:** ترجمہ: "نیک کاموں میں آگے بڑھنے کی کوشش کیا کرو۔"

☆☆☆☆☆

# باب نمبر 03 تعلیماتِ اسلام مختصر جوابی سوالات

**سوال 1:** کون سے لوگ آپس میں برابر نہیں ہوسکتے؟

**جواب:** علم والے اور بے علم آپس میں برابر نہیں ہوسکتے۔

**سوال 2:** ترجمہ لکھئے: اَلَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝

**جواب:** ترجمہ: "وہ جس نے قلم کے ذریعے علم سکھایا۔"

**سوال 3:** عدل کے معنی اور ضد بیان کیجیے۔

**جواب:** **عدل کے معانی:** "مساوی بدلہ، افراط اور تفریط کے درمیان راستہ اور حق وانصاف ہے۔

**عدل کی ضِد:** عدل کی ضِد ظلم ہے جس کا معنی کسی چیز کو اس کے مناسب مقام میں نہ رکھنا اور بدلہ دینے میں کمی بیشی کرنا ہے۔

**سوال 4:** پہلی وحی کا ترجمہ لکھئے۔

**جواب:** ترجمہ: "اپنے پروردِگار کے نام سے پڑھ جس نے پیدا کیا جس نے انسان کو لوتھڑے سے پیدا کیا۔ پڑھ اور تیرا پروردِگار وہ ہے جس نے قلم کے ذریعے علم سکھایا۔ انسان کو وہ علم سکھایا جو وہ نہیں جانتا تھا۔"

**سوال 5:** سمگلنگ سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** سمگلنگ سے مراد یہ ہے کہ ناجائز طور پر وہ مال ملک سے باہر لے جانا جس کی ملک کو ضرورت ہو اور ناجائز طور پر ملک کے اندر وہ اشیا لے آنا جس سے ملک کی صنعت کو نقصان پہنچے۔

**سوال 6:** اسلام کا بنیادی عقیدہ کیا ہے؟

**جواب:** اسلام کا بنیادی عقیدہ، عقیدۂ توحید ہے۔ یعنی اللہ کو ایک ماننا اور صرف اسی کی عبادت کرنا۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



**سوال 7:** شرک کی مذمت پر آیت قرآنی کا ترجمہ لکھئے۔

**جواب:** ترجمہ: "بے شک شرک بہت بڑا ظلم ہے۔"

**سوال 8:** اطاعت رسول ﷺ حدیث کی روشنی میں بیان کیجیے۔

**جواب:** رسول اللہ ﷺ نے خود اپنی اطاعت کی بڑی تاکید فرمائی ہے۔ ارشادِ نبوی ﷺ ہے: "تم میں کوئی بھی اس وقت تک مومنِ کامل نہیں بن سکتا جب تک اس کی خواہشات اس شریعت کے تابع نہ ہوں جس کو میں لے کر آیا ہوں۔"

**سوال 9:** طہارت سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** طہارت سے مراد صفائی اور پاکیزگی ہے۔ اسلام میں پاک صاف رہنے کی تاکید کی گئی ہے۔

**سوال 10:** طہارت مکان کا مفہوم بیان کیجیے۔

**جواب:** طہارت مکان اپنے اندر وسیع مفہوم رکھتا ہے:

1۔ سب سے پہلے اس سے مراد یہ ہے کہ جس جگہ ایک مسلمان نماز ادا کر رہا ہے وہ جگہ ہر قسم کی غلاظت سے پاک ہو۔

2۔ دوسرے نمبر پر اس سے مراد یہ ہے کہ جہاں رہ رہا ہے وہ جگہ پاک اور صاف ہو یعنی گھر کی صفائی، محلّہ کی صفائی وغیرہ اس میں شامل ہیں۔

3۔ طہارت مکان سے مراد یہ بھی ہے کہ جہاں انسان کام کرتا ہے وہ جگہ پاک اور صاف ہو یعنی دفتر، کارخانہ، سکول و کالج وغیرہ کی صفائی اس میں شامل ہے۔

**سوال 11:** تیمّم سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** تیمّم سے مراد یہ ہے کہ پانی نہ ملنے کی صورت میں وضو اور غسل کی جگہ تیمّم کو رکھا گیا ہے تاکہ پانی کی جگہ مٹی سے ایک گونہ طہارت حاصل کر کے اطمینان حاصل کیا جائے اور اپنے آپ کو اس قابل بنایا جائے کہ خدائے پاک کی عبادت کی جا سکے یا اور کاموں میں پاک ہو کر حصہ لیا جا سکے۔

**سوال 12:** ایک معلّم یا معلّمہ کی حیثیت سے انسان کا کیا فرض ہے؟

**جواب:** ایک معلّم یا معلّمہ کی حیثیت سے انسان کے لیے ضروری ہے کہ وہ علم کا پیاسا، بااخلاق اور باعمل ہو اور نہایت ایمانداری کے ساتھ اپنے شاگردوں کو پڑھائے۔ وہ یہ محسوس کرے کہ وہ انبیائے کرام علیہم السلام کے وارث ہونے کی حیثیت سے کام کر رہا ہے۔

**سوال 13:** معلّم کے دو فرائض بیان کیجیے۔

**جواب:** معلّم کے دو فرائض مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ ایک معلّم کو چاہیے کہ وہ طلبا کے ساتھ محبت اور شفقت کا سلوک کرے۔

2۔ طلبا کی تعلیم کا خاص خیال رکھے۔ تعلیم کے ساتھ ساتھ ان کی عملی تربیت بھی کرے۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



**سوال 14:** **عِلم کی ضرورت وافادیت حدیث مبارکہ کی روشنی میں بیان کیجیے۔**

**جواب:** عِلم حاصل کرو اللہ کے لیے عِلم حاصل کرنا نیکی ہے۔ عِلم کی طلب عبادت ہے اس میں مصروف رہنا، تسبیح اور بحث ومباحثہ کرنا جہاد کرنے کے برابر ہے۔ عِلم سکھاؤ تو صدقہ ہے، عِلم تنہائی کا ساتھی، فراخی اور تنگدستی میں رہنما، غم خوار دوست اور بہترین ہم نشین ہے۔

**سوال 15:** **عِلم معیشت کی تعریف کیجیے۔**

**جواب:** عِلم معیشت وہ علم ہے جس پر معاش کا دارومدار ہے۔ اس میں عِلم معاش، ہنر، پیشہ وغیرہ سب شامل ہے۔ عِلم معیشت کا حاصل کرنا اور اس پر عمل پیرا ہونا ایک اہم اسلامی فرض ہے۔

**سوال 16:** **حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے فیصلہ کرنے کا طریقہ کار کیا تھا؟**

**جواب:** نبی کریم ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو جب قاضی بنا کر بھیجا تو اس سے پوچھا کہ مقدمات کا فیصلہ کیسے کرو گے؟

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا قرآن کے احکام کے مطابق۔

آپ ﷺ نے فرمایا: اگر قرآن میں اس کا حکم موجود نہ ہو تو پھر کیا کرو گے؟

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: پھر اللہ کے رسول ﷺ کی سنت کے مطابق فیصلہ کروں گا۔

آپ ﷺ نے پھر پوچھا: اگر وہاں بھی حکم نہ ہو تو پھر کیا کرو گے؟

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اپنی رائے پر فیصلہ کروں گا۔

آپ ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے اس طرزِ عمل کو پسند فرمایا۔

**سوال 17:** **رسول اللہ ﷺ کے انصاف کے بارے میں ایک مثال دیجیے۔ یا**
**ہمیں فیصلہ کرتے وقت حضور ﷺ کا اسوۂ حسنہ پیش نظر رکھنا چاہیے۔ وضاحت کیجیے۔**

**جواب:** ایک دفعہ ایک قریشی عورت چوری کے الزام میں پکڑی گئی۔ قریش چاہتے تھے کہ اسے ہاتھ کاٹنے کی سزا نہ ملے۔ انہوں نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو سفارشی بنا کر حضور ﷺ کی خدمت میں بھیجا کہ سزا میں کچھ نرمی فرمائی جائے۔ تو آپ ﷺ کا چہرہ غصے سے سرخ ہو گیا اور فرمایا: "پہلی قومیں اسی لیے تباہ ہوئیں کہ جب کوئی غریب جرم کرتا تھا تو اسے قانون کے مطابق سزا دی جاتی تھی اور جب کوئی بااثر آدمی جرم کرتا تو اس کی خاطر قانون میں نرمی کر کے اسے بچایا جاتا تھا۔ آپ ﷺ نے اس عورت کو شرعی قانون کے مطابق سزا دلوائی۔

**سوال 18:** **حضرت ابراہیم علیہ السلام کا پیشہ کیا تھا؟**

**جواب:** حضرت ابراہیم علیہ السلام کا پیشہ بزازی تھا۔

**سوال 19:** **زراعت کا پیشہ کیسے اکل حلال میں شامل ہے؟**

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



**جواب:** انسان زراعت کے ذریعے بھی روزی کماتا ہے۔ اپنی زمین پر محنت کر کے جو کچھ وہ حاصل کرتا ہے اس میں عشر وغیرہ نکال کر باقی پیداوار اس کے لیے رزقِ حلال ہے۔

**سوال 20:** اخراجات میں میانہ روی سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** اخراجات میں میانہ روی سے مراد یہ ہے کہ نہ فضول خرچی کی جائے اور نہ ہی بخل سے کام لیا جائے۔

**سوال 21:** رشوت پر مختصر نوٹ لکھئے۔

**جواب:** رشوت کے معنی ہیں وہ رقم یا چیز جو آپ کسی سے اس کا جائز کام کرنے کے صلے میں یا ناجائز کام کرنے کے بدلے میں حاصل کرتے ہیں۔ جائز کام کرنا واجب ہے۔ اس کا صلہ لینا حرام ہے اور ناجائز کام کرنا حرام ہے۔

**سوال 22:** ارتکاز دولت سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** ارتکاز دولت سے مراد ہے کہ دولت کو ذخیرہ کیا جائے اور اس وقت جب لوگوں کو شدید ضرورت ہو تو اُن سے منافع لے کر چیزیں فروخت کی جائیں۔ اسلام ارتکاز دولت کی جگہ دولت کی تقسیم پر زور دیتا ہے۔

**سوال 23:** فحش گوئی سے متعلق حدیث نبوی ﷺ بیان کیجیے۔

**جواب:** ترجمہ: "حیا ایمان سے ہے اور ایمان جنت میں سے ہے، اور فحش گوئی جفا سے ہے اور جفا دوزخ میں سے ہے۔"

**سوال 24:** معاشی مساوات سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** معاشی مساوات کے معنی یہ ہیں کہ معاشرے میں ہر فرد کی بنیادی ضرورتیں پوری ہوں اور ہر ایک کو یکساں وسائل اور روزی کمانے کے مواقع حاصل ہوں۔ کوئی شخص بنیادی ضرورتوں سے محروم نہ ہو اور ہر ایک کو کام اور محنت کا معقول معاوضہ مل رہا ہو۔

**سوال 25:** سماجی انصاف کے کیا معنی ہیں؟

**جواب:** سماجی انصاف کے معنی ہیں کہ انسانی معاشرے میں انصاف، یعنی افراد معاشرہ میں بحیثیت انسان مساوات اور ہر ایک کو یکساں حقوق حاصل ہوں۔ سماجی انصاف سے معاشرے میں امن وامان ہو جاتا ہے اور سب لوگ مطمئن ہو جاتے ہیں۔

**سوال 26:** کون سی اشیا پر فرد کی ملکیت نہیں ہوتی بلکہ حکومت کی ملکیت ہوتی ہیں؟

**جواب:** وہ اشیا جن سے مفادِ عامہ وابستہ ہو فرد واحد کی ملکیت نہیں ہوتی بلکہ حکومت کی ملکیت ہوتی ہیں۔ جیسے سمندر، دریا، جنگلات اور مختلف معدنیات وغیرہ پر اسلام براہ راست حکومت کا قبضہ تسلیم کرتا ہے اور حکومت کو ان پر اللہ تعالیٰ کے احکامات کی روشنی میں تصرف کا حق حاصل ہوتا ہے۔

**سوال 27:** شوہر کے فرائض مختصراً بیان کیجیے۔ یا بیوی کے حقوق لکھئے۔

**جواب:** ایک شوہر کی حیثیت سے اس کا فرض ہے کہ وہ اپنی بیوی کے ساتھ اچھا سلوک کرے۔ اس کی خوراک، لباس، مکان اور دوسری ضروریاتِ زندگی کا پورا پورا خیال رکھے۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



**سوال 28:** رشتہ داروں کے دو حقوق لکھئے۔

**جواب:** رشتہ داروں کے دو حقوق درج ذیل ہیں:

1۔ ان کی مالی مدد کی جائے۔ 2۔ ان کے ساتھ حسنِ سلوک کیا جائے۔

**سوال 29:** شاگرد کے دو فرائض تحریر کیجیے۔

**جواب:** ایک طالب علم کی حیثیت سے اسے چاہیے کہ وہ:

1۔ حاضر باش اور فرمانبردار ہو۔ 2۔ استاد کا احترام کرنے والا اور نیک سیرت ہو۔

**سوال 30:** والدین کے حقوق میں سے کوئی سے دو بیان کیجیے یا اولاد کے دو فرائض تحریر کیجیے۔

**جواب:** والدین کے دو حقوق درج ذیل ہیں:

1۔ ایک بیٹے کی حیثیت سے اس پر والدین کا احترام فرض ہے۔

2۔ بڑھاپے میں بالخصوص ان کی خدمت کرے اور مرنے کے بعد ان کے لیے دعائے مغفرت مانگے۔

**سوال 31:** والدین کا احترام کس قدر ضروری ہے؟ مختصر اً وضاحت کیجیے۔

**جواب:** والدین کا ادب و احترام صرف ظاہری باتوں تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ دِل میں بھی والدین کی عزت ہو اور بے ادبی کا خیال بھی دِل میں نہ آئے۔

**سوال 32:** سورۃ اخلاص کا ترجمہ تحریر کیجیے۔

**جواب:** ترجمہ: "کہہ دیجیے اللہ ایک ہے۔ اللہ کسی کا محتاج نہیں۔ نہ وہ کسی کا باپ ہے اور نہ بیٹا اور کوئی اس کا ہمسر اور ثانی نہیں۔"

**سوال 33:** ایک مسلمان بیوی کے کیا فرائض ہیں؟

**جواب:** ایک مسلمان بیوی کے فرائض یہ ہیں کہ اپنے شوہر کا حکم مانے اور اس کی غیر موجودگی میں اپنی عصمت اور گھر کی حفاظت کرے۔ شوہر جس آدمی کو ناپسند کرتا ہو اس کو گھر آنے کی اجازت نہ دے۔ بچوں کی پرورش کرے اور ان کو ممتا سے محروم نہ رکھے۔

**سوال 34:** جہاد سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** جہاد کے لغوی معنی کسی کام کے لیے کوشش کرنا ہے۔ اصطلاح میں اللہ کے دین کا بول بالا کرنے اور دشمنانِ دین کا مقابلہ کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنے اور جان و مال کی قربانی دینے کا نام جہاد ہے۔

**سوال 35:** حیا کے کتنے مراتب ہیں؟

**جواب:** حیا کے تین مراتب ہیں:

1۔ اللہ تعالیٰ کے احکام کی پابندی کرنا۔ 2۔ لوگوں کی ایذاء رسانی سے باز رہنا۔

3۔ خود انسان کا تنہائی میں اپنے آپ سے حیا کرنا۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



**سوال 36:** مختصر طور پر بیان کیجیے کہ قانونی مساوات سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** قانونی مساوات سے مراد یہ ہے کہ قانون کی نظر میں امیر اور غریب برابر ہیں یعنی تمام لوگوں کے لیے قانون برابر اور ایک ہے۔

**سوال 37:** ہر انسان پر کتنے فرائض اور ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں؟

**جواب:** ہر انسان پر تین فرائض اور ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں:

1۔ حقوق اللہ 2۔ حقوق النفس 3۔ حقوق العباد

**سوال 38:** ترجمہ لکھئے: اِنَّ التَّوْحِیْدَ رَأْسُ الطَّاعَاتِ

**جواب:** ترجمہ: "توحید تمام نیکیوں کی جڑ ہے۔"

**سوال 39:** جہاد کی دو اقسام لکھئے۔

**جواب:** جہاد کی دو اقسام درج ذیل ہیں:

1۔ جہاد بالمال 2۔ جہاد بالنفس

**سوال 40:** طہارتِ جسم سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** نہا دھو کر جسم کو صاف کرنا طہارت جسم کہلاتا ہے۔ غسل سے انسان روحانی مسرت محسوس کرتا ہے۔ غسل کی وجہ سے انسان کی ذہنی پریشانی اور تنگی ختم ہو جاتی ہے۔

**سوال 41:** توحید کے کوئی دو اثرات لکھئے۔

**جواب:** توحید کے دو اثرات مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ اللہ کو ایک ماننے والا خوددار ہونے کے ساتھ ساتھ نہایت عاجز اور خوش مزاج ہوتا ہے۔ وہ کبھی اپنی قابلیت، طاقت، منصب اور مال و دولت پر غرور اور گھمنڈ نہیں کرتا۔

2۔ عقیدۂ توحید سے انسان کا دِل مطمئن اور پُر امید ہوتا ہے۔

**سوال 42:** علم سے متعلق ایک قرآنی آیت کا ترجمہ لکھئے۔

**جواب:** ترجمہ: "کہہ دیجیے کیا عالم اور جاہل برابر ہو سکتے ہیں؟"

**سوال 43:** ترجمہ لکھئے: اَلْعِلْمُ عِلْمَانِ

**جواب:** ترجمہ: "علم (حقیقت میں) دو علم ہیں۔"

**سوال 44:** ترجمہ لکھئے: اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ

**جواب:** ترجمہ: "نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو۔"

**سوال 45:** حقوق النفس کی تعریف کیجیے۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



**جواب:** حقوق النفس سے مراد اپنے نفس کے حقوق ہیں۔ ہر انسان پر فرض ہے کہ وہ زندگی کو نعمتِ خداوندی سمجھے اور خداداد جسمانی، ذہنی اور نفسیاتی قوتوں کو تباہی سے بچانے کی کوشش کرے، اسلام میں نہ تو خواہشات و جذبات کی بیخ کنی مطلوب ہے اور نہ ہوائے نفسانی میں ڈوبے رہنے کو پسندیدہ کہا گیا ہے۔ انسان کے ذمے اپنے نفس کا اہم حق یہ ہے کہ وہ اس کی عزت اور وقار کا خیال رکھے۔

**سوال 46:** **طہارت اخلاق کی وضاحت کیجیے۔**

**جواب:** اس سے مراد اخلاق سیئہ سے اجتناب ہے۔ یعنی ہر اس بُری عادت کو چھوڑ دینا جس سے لوگ نفرت کرتے ہوں، طہارت اخلاق کہلاتا ہے۔ جھوٹ، غیبت، حسد، بہتان، چغل خوری، ریاکاری، خود غرضی اور ظلم جیسی غلاظتوں سے پاک ہونا طہارت اخلاق ہے۔ اسلام نے ان تمام اخلاقی برائیوں اور گندگیوں کو ایک ایک کر کے بیان کیا ہے اور ان سے بچنے کا حکم دیا ہے۔

**سوال 47:** **عقیدۂ توحید کیا ہے؟**

**جواب:** توحید کا لفظ "وحد" سے نکلا ہے جس کا معنی ہے "ایک ہونا، یکتا ہونا"۔ توحید کے اصطلاحی معانی یہ ہیں کہ اس بات کا عقیدہ رکھنا کہ اللہ تعالیٰ اپنی ذات، صفات اور افعال میں بے مثل اور یکتا ہے۔ وہ تمام کائنات کا خالق و مالک ہے اور اکیلا نظامِ قدرت چلانے والا ہے۔ وہ ہر قسم کے عیب اور نقص سے پاک ہے۔ وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ اس کو موت یا نیند نہیں آتی۔ کائنات میں اس کے علاوہ اور کوئی خدا نہیں جو اس کے ساتھ ذات، صفات یا افعال میں شریک ہو۔

**سوال 48:** **قانونی مساوات کی اہمیت مختصراً بیان کیجیے۔**

**جواب:** اسلامی معاشرے میں قانون کی بالادستی کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ قانونی مساوات میں افسر و ماتحت، امیر و غریب اور چھوٹے بڑے میں کوئی تمیز اور فرق نہیں۔ آپ ﷺ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ اگر کسی نے مجھ سے بدلہ لینا ہے تو میں حاضر ہوں۔ آپ ﷺ کے بعد خلفائے راشدین نے بھی آپ ﷺ کی وضع کردہ قانونی مساوات کی ریت رکھی۔

**سوال 49:** **عقیدۂ توحید کے بارے میں حدیث مبارکہ کا مفہوم تحریر کیجیے۔**

**جواب:** مفہوم: "توحید تمام نیکیوں کی جڑ ہے۔"

**سوال 50:** **اطاعت رسول ﷺ کے بارے میں ایک قرآنی آیت کا ترجمہ لکھئے۔**

**جواب:** ترجمہ: "اے ایمان والو! اللہ کی اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو اور اس سے روگردانی مت کرو۔"

**سوال 51:** **قاضی کے لیے فیصلہ کرنے کے دو اصول لکھئے۔**

**جواب:** 1۔ مدعی اور مدعا علیہ کے بیان سن کر فیصلہ دیا جائے۔ کسی ایک فریق کے بیان پر اعتماد کر کے یک طرفہ کاروائی نہ کی جائے۔

2۔ قانون لوگوں کی نیتوں اور اندرونی باتوں پر مواخذہ نہیں کرتا۔ اس لیے قاضی کو چاہیے کہ ظاہری شہادت اور ثبوت کے مطابق فیصلہ کرے۔

**سوال 52:** **ہاتھ سے کمانا موجب عار نہیں۔ مختصر طور پر بیان کیجیے۔**

**جواب:** ہاتھ سے کمانا موجب عار نہیں۔ اسلام ہاتھ سے کمانے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ ارشادِ نبوی ﷺ کا مفہوم ہے:

"بہترین روزی وہ ہے جو ہاتھ سے کمائی جائے اور فریضہ عبادت کے بعد اہم فریضہ حلال روزی کمانا ہے۔"

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



اسلام میں اکلِ حلال کو اس قدر اہمیت حاصل ہے کہ اس کے بغیر انسان کی کوئی عبادت قبول نہیں ہوتی۔

**سوال53:** دنیاوی ترقی کا راز کس بات میں پوشیدہ ہے؟

**جواب:** دنیاوی ترقی کا راز اس بات میں پوشیدہ ہے کہ دنیا میں عدل قائم کیا جائے۔ دنیا کی کوئی قوم عدل کی ضرورت و اہمیت کا انکار نہیں کر سکتی۔

**سوال54:** مدعی کی دو ذمہ داریاں لکھئے۔

**جواب:** مدعی کی دو ذمہ داریاں درج ذیل ہیں:

1۔ شہادت 2۔ ثبوت

**سوال55:** حیا ختم ہونے کے دو نقصانات لکھئے۔

**جواب:** حیا ختم ہونے کے دو نقصانات درج ذیل ہیں:

1۔ انسان اپنی خواہشات کی تکمیل میں اچھے جذبات کو روند جاتا ہے۔

2۔ انسان کا دِل رحم سے خالی ہو جاتا ہے۔ اسے دوسروں کی مشکلات اور مصائب کی ذرا بھی پروا نہیں ہوتی۔

**سوال56:** زکوٰۃ کب عائد ہوتی ہے؟

**جواب:** زکوٰۃ اس وقت عائد ہوتی ہے جب ایک عاقل بالغ مسلمان کا مال شریعت کی طرف سے مقرر کردہ نصاب تک پہنچ جائے اور اس پر ایک سال گزر جائے۔

**سوال57:** قرآن کا مستقل عنوان کیا ہے؟

**جواب:** قرآن کا مستقل عنوان انسان ہے۔

**سوال58:** حکومت کے دو فرائض بیان کیجیے۔

**جواب:** حکومت کے دو فرائض مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ ہر شخص کی بنیادی ضرورتیں پوری کرنا اور اس کی صلاحیت کے مطابق ذریعہ معاش مہیا کرنا۔

2۔ بے روزگار اور معذور افراد کے لیے بنیادی ضروریات فراہم کرنا۔

**سوال59:** مشرک کی تعریف کیجیے۔

**جواب:** اللہ تعالیٰ کی ذات، صفات اور افعال میں کسی کو شریک ٹھہرانا شرک کہلاتا ہے اور شرک کرنے والے کو مشرک کہتے ہیں۔

**سوال60:** طہارت فکر سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** طہارت فکر سے مراد گندے افکار سے پاک ہونا، یعنی شرک، کفر، الحاد و دہریت جیسے گندے افکار سے پاک ہونا۔

**سوال61:** غسل کے دو فوائد تحریر کیجیے۔

**جواب:** غسل کے دو فوائد مندرجہ ذیل ہیں:

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



1۔ انسان روحانی فرحت محسوس کرتا ہے۔ 2۔ انسان کی ذہنی پریشانی اور تنگی ختم ہو جاتی ہے۔

**سوال 62:** **نبی کریم ﷺ کس چیز میں اضافہ کے لیے ہر وقت اللہ تعالیٰ سے دُعا کرتے رہتے تھے؟**

**جواب:** نبی کریم ﷺ علم میں اضافے کے لیے ہر وقت اللہ تعالیٰ سے دُعا کرتے رہتے تھے۔

**سوال 63:** **تیسرا علم کون سا ہے؟**

**جواب:** تیسرا علم "علم معاش" ہے۔

**سوال 64:** **کون سی حالت میں قاضی کو فریقین کے درمیان فیصلہ نہیں کرنا چاہیے؟**

**جواب:** غصے کی حالت میں قاضی کو فریقین کے درمیان فیصلہ نہیں کرنا چاہیے۔

**سوال 65:** **انسان کو اشرف المخلوقات کیوں کہتے ہیں؟**

**جواب:** انسان کو اشرف المخلوقات اس لیے کہتے ہیں کہ اسے اللہ تعالیٰ نے عقل سے نوازا ہے اور سب سے زیادہ علم دیا ہے۔

**سوال 66:** **کوئی سے چار حرام جانوروں کے نام لکھیے۔**

**جواب:** چار حرام جانوروں کے نام درج ذیل ہیں:

1۔ خنزیر 2۔ کتا 3۔ گدھا 4۔ شیر

**سوال 67:** **دو غیر عرب صحابہ رضی اللہ عنہم کے نام لکھیے۔**

**جواب:** دو غیر عرب صحابہ رضی اللہ عنہم کے نام درج ذیل ہیں:

1۔ حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ 2۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

**سوال 68:** **طہارت کی چار اقسام لکھیے۔**

**جواب:** طہارت کی چار اقسام درج ذیل ہیں:

1۔ طہارت فکر 2۔ طہارت اخلاق 3۔ طہارت جسم 4۔ طہارت لباس

☆☆☆☆☆

# باب نمبر 04 عربی قواعد — مختصر جوابی سوالات

**سوال 1:** **یَکْتُبُ اور کَتَبَ کے معانی لکھیے۔**

**جواب:** یَکْتُبُ کا معانی ہے "وہ ایک مرد لکھتا ہے یا لکھے گا"۔

کَتَبَ کا معانی ہے "اس نے لکھا"۔

**سوال 2:** **اسم ضمیر متصل کی تعریف کیجیے۔**

Please visit for more data at: www.pakcity.org

**جواب:** ضمیر متصل وہ ہے جو کسی فعل، اسم یا حرف کے ساتھ مل کر استعمال ہو جیسے: قَرَأْتُ (میں نے پڑھا)، خَرَجْنَا (ہم نکلے)، سَاعَتُكَ (تیری گھڑی)، عَلَيْنَا (ہم پر)۔

**سوال 3:** فعل ماضی کی تعریف کیجیے۔

**جواب:** فعل ماضی وہ فعل ہے جس میں کسی کام کا گزرے ہوئے زمانے میں واقع ہونا سمجھا جائے جیسے: قَرَأَ (اس نے پڑھا)، دَخَلَ (وہ داخل ہوا)۔

**سوال 4:** گرامر میں کیا ہیں؟ رُزِقْنَا، يُقْتَلُوْنَ

**جواب:** رُزِقْنَا (ہمیں رزق دیا گیا)، يُقْتَلُوْنَ (وہ قتل کیے جاتے ہیں)، گرامر میں دونوں الفاظ فعل مجہول ہیں۔

**سوال 5:** فعل معروف کی تعریف کیجیے۔

**جواب:** فعل معروف وہ فعل ہے جس کا فاعل معلوم ہو، جیسے: خَرَجَ زَيْدٌ (زید نکلا)۔

**سوال 6:** چار حروفِ جارہ لکھیے۔

**جواب:** چار حروفِ جارہ مندرجہ ذیل ہیں:

مِنْ، اِلٰى، فِيْ، عَلٰى

**سوال 7:** فعل مجہول کی تعریف کیجیے اور مثال دیجیے۔

**جواب:** فعل مجہول وہ فعل ہے جس کا فاعل معلوم نہ ہو جیسے: شُرِبَ مَاءٌ (پانی پیا گیا)۔

**سوال 8:** مرکب ناقص کی تعریف کیجیے۔

**جواب:** ایسا مرکب جس کا مفہوم واضح نہ ہو، جیسے: بُسْتَانٌ جَمِيْلٌ (خوبصورت باغ)۔

**سوال 9:** جملہ اسمیہ کی تعریف کیجیے۔

**جواب:** وہ جملہ ہے جس کا پہلا جزو اسم ہو جیسے: اللہ غفورٌ، القرآن کتابٌ۔

**سوال 10:** فعل کی کتنی اقسام ہیں؟ نام لکھیے۔

**جواب:** فعل کی تین اقسام ہیں:

1۔ فعل ماضی 2۔ فعل مضارع 3۔ فعل امر

**سوال 11:** مرکب تام (جملہ) کی کتنی قسمیں ہیں؟ نام لکھیے۔

**جواب:** مرکب تام (جملہ) کی دو قسمیں ہیں:

1۔ جملہ اسمیہ 2۔ جملہ فعلیہ

**سوال 12:** مرکب کی دو اقسام بیان کیجیے۔

**جواب:** مرکب کی دو اقسام مندرجہ ذیل ہیں:

www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



1۔ مرکب تام 2۔ مرکب ناقص

**سوال 13:** اسم ضمیر کی اقسام لکھیے۔

**جواب:** اسم ضمیر کی مندرجہ ذیل دو اقسام ہیں:

1۔ ضمیر متصل 2۔ ضمیر منفصل

**سوال 14:** فعل امر کی تعریف کیجیے اور دو مثالیں دیجیے۔

**جواب:** فعل امر وہ فعل ہے جس میں کسی کو حکم دیا جانا یا کسی سے التجا وغیرہ کرنا سمجھا جائے۔ جیسے: اُکْتُبْ (تُو لکھ)، اِقْرَأْ (تو پڑھ)۔

**سوال 15:** حروفِ عطف سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** جن حروف کے ذریعے دو یا دو سے زیادہ اسموں کو ایک فعل کے تحت لایا جاتا ہے، ان کو حروفِ عطف کہتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

## منتخب قرآنی آیات مبارکہ مع ترجمہ

**آیت نمبر1:** اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○

**ترجمہ:** بے شک مومن ایک دوسرے کے بھائی ہیں۔ لہٰذا اپنے دو بھائیوں کے درمیان اصلاح کرادو اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

**آیت نمبر2:** وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ۔

**ترجمہ:** اور تم یتیم کے مال کے قریب بھی نہ جاؤ مگر اس طریقے سے جو اس کے حق میں بہتر ہو یہاں تک کہ وہ شباب کو پہنچ جائے۔

**آیت نمبر3:** وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ○

**ترجمہ:** اور وہ ایمان لاتے ہیں اس کتاب پر جو آپ (ﷺ) پر نازل کی گئی ہے۔ اور ان کتابوں پر بھی جو آپ (ﷺ) سے پہلے نازل کی گئیں۔ اور آخرت پر وہ یقین رکھتے ہیں۔

**آیت نمبر4:** يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ

**ترجمہ:** اے ایمان والو! انصاف پر خوب قائم رہنے والے اللہ کے لیے گواہی دینے والے بنے رہو اگرچہ اپنی ہی ذات کے خلاف ہو یا والدین اور رشتہ داروں کی مخالفت میں ہو۔

**آیت نمبر5:** وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ○

**ترجمہ:** تم اپنی اولاد کو افلاس کے ڈر سے قتل نہ کرو۔ ہم انہیں بھی رزق دیتے ہیں اور تمہیں بھی۔ بے شک انہیں قتل کرنا بہت بڑا جُرم ہے۔

**آیت نمبر6:** وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ○ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ○

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



**ترجمہ:** اور جب ان سے کہا جائے کہ زمین میں فساد نہ برپا کرو تو وہ کہتے ہیں ہم تو اصلاح ہی کرنے والے ہیں یاد رکھو بے شک وہی لوگ فسادی ہیں مگر وہ سمجھتے نہیں۔

**آیت نمبر7:** وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ○

**ترجمہ:** اللہ جس کے لیے چاہتا ہے اور بھی بڑھاتا ہے۔ اللہ بڑی وسعت والا ہے علیم ہے۔

**آیت نمبر8:** اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○

**ترجمہ:** جو لوگ اپنا مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں پھر خرچ کر کے احسان نہیں جتاتے اور نہ ہی دل آزاری کرتے ہیں ان کے لیے ان کے رب کے پاس ان کا اجر ہے۔ انہیں نہ تو کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

**آیت نمبر9:** اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○

**ترجمہ:** یہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور صرف یہی لوگ مراد کو پہنچنے والے ہیں۔ اور جو کافر ہیں ان کے لیے برابر ہے۔ آپ (ﷺ) ان کو ڈرائیں یا نہ ڈرائیں وہ ایمان نہیں لائیں گے۔

**آیت نمبر10:** يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ○

**ترجمہ:** اے لوگو ہم نے تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہارے کنبے اور قبیلے بنائے تا کہ تم آپس میں پہچان رکھو۔ بے شک اللہ کے نزدیک تم میں سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو تم میں زیادہ پرہیز گار ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا ہے اور خوب خبر رکھنے والا ہے۔

☆☆☆☆☆

## احادیث مبارکہ مع ترجمہ

**حدیث نمبر1:** لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَلَمْ يُوَقِّرْ كَبِيْرَنَا۔

**ترجمہ:** وہ شخص ہم میں سے نہیں جس نے ہمارے چھوٹوں پر رحم نہیں کھایا اور بڑوں کا احترام نہ کیا۔

**حدیث نمبر2:** اَلسَّعِيْدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهٖ۔

**ترجمہ:** سعادت مند وہ ہے جو دوسروں سے سبق حاصل کرے۔

**حدیث نمبر3:** لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ كِبْرٍ۔

**ترجمہ:** وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہو گا، جس کے دل میں ذرہ برابر تکبر ہو گا۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



**حدیث نمبر4:** دِمَاؤُكُمْ وَاَمْوَالُكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ۔

**ترجمہ:** تمہارے خون اور تمہارے مال تم پر حرام ہیں۔

**حدیث نمبر5:** اِيَّاكُمْ وَالْحَسَدَ، فَاِنَّ الْحَسَدَ يَاْكُلُ الْحَسَنَاتِ كَمَا تَاْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ۔

**ترجمہ:** حسد سے بچتے رہو کیونکہ حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جیسے آگ لکڑی کو جلا کر خاکستر کر دیتی ہے۔

**حدیث نمبر6:** مَنْ لَّا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ۔

**ترجمہ:** جو شخص رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

**حدیث نمبر7:** اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ۔

**ترجمہ:** مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہے۔

**حدیث نمبر8:** اَوْلَى النَّاسِ مَنْ بَدَءَهُمْ بِالسَّلَامِ۔

**ترجمہ:** بہترین انسان وہ ہے جو پہلے سلام کرے۔

**حدیث نمبر9:** مَنْ فَتَحَ عَلٰى نَفْسِهٖ بَابَ مَسْئَلَةٍ فَتَحَ اللهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ۔

**ترجمہ:** جس شخص نے اپنی ذات کے لیے ایک مرتبہ سوال کا دروازہ کھولا اللہ تعالیٰ اس کے لیے فقر و احتیاج کا دروازہ کھول دیتا ہے۔

**حدیث نمبر10:** مَنْ لَّمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِ اللهَ۔

**ترجمہ:** جس شخص نے لوگوں کا شکر ادا نہ کیا اس نے خدا کا شکر ادا نہیں کیا۔

**حدیث نمبر11:** مَثَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ تَوَادِّهِمْ وَتَرَاحُمِهِمْ وَتَعَاطُفِهِمْ مَثَلُ الْجَسَدِ، اِذَا اشْتَكٰى مِنْهُ عُضْوٌ تَدَاعٰى لَهٗ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالسَّهَرِ وَالْحُمّٰى۔

**ترجمہ:** مومنوں کی مثال آپس کے لطف و محبت اور ہمدردی میں ایسی ہے جیسے ایک جسم جب اس کے ایک عضو کو تکلیف ہوتی ہے تو سارا جسم بے قرار ہو کر جاگتا رہتا ہے اور بخار میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

**حدیث نمبر12:** اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ، لَا يَظْلِمُهٗ وَلَا يَخْذُلُهٗ وَلَا يَغْتَابُهٗ وَلَا يَحْزُنُهٗ وَلَا يَحْرُمُهٗ۔

**ترجمہ:** مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے وہ اس پر نہ ظلم کرتا ہے نہ اسے چھوڑ دیتا ہے۔ نہ اس کی غیبت کرتا ہے نہ اسے غمگین کرتا ہے اور نہ اسے اس کے حق سے محروم کرتا ہے۔

**حدیث نمبر13:** مَا اٰمَنَ بِيْ مَنْ بَاتَ شَبْعَانَ وَجَارُهٗ جَائِعٌ۔

**ترجمہ:** وہ شخص مجھ پر ایمان نہیں لایا جس نے سیر ہو کر رات گزاری اور اس کا ہمسایہ بھوکا رہا۔

**حدیث نمبر14:** وَاثِلَةُ الْاَسْقَعِ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! مَا الْعَصَبِيَّةُ؟ قَالَ: "اَنْ تُعِيْنَ قَوْمَكَ عَلَى الظُّلْمِ۔"

**ترجمہ:** واثلۃ الاسقع نے دریافت کیا اے اللہ کے رسول! عصبیت کسے کہتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کہ تو ظلم کرنے میں اپنی قوم کی مدد کرے۔"

☆☆☆☆☆

www.pakcity.org
Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



# ماڈل پیپر 1 — اسلامیات اختیاری (دہم)

(معروضی حصہ) کل نمبر:15 وقت:20منٹ

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | دِل میں محبت پیدا ہوتی ہے: | محنت سے | **سلام کرنے سے** | صفائی سے | لڑائی سے |
| 2 | کون سی سورۃ میں توحید کو بیان کیا گیا ہے؟ | العصر | **الاخلاص** | الکوثر | الماعون |
| 3 | جہاد کے لغوی معنی ہیں: | **کوشش کرنا** | خوش ہونا | دکھ دینا | روکنا |
| 4 | اَلْعَبْدُ الصَّالِحُ مثال ہے: | مرکب اضافی | جملہ فعلیہ | جملہ اسمیہ | **مرکب توصیفی** |
| 5 | نابالغ یتیم کے مال سے خرچ کرنا ہے: | **حرام** | سُنت | مکروہ | ظلم |
| 6 | اَخٌ کے معنی ہیں: | چچا | دادا | بیٹا | **بھائی** |
| 7 | حضرت نوح علیہ السلام کا پیشہ تھا: | تجارت | خیاطی | بزازی | **نجاری** |
| 8 | کائنات کے امن کا دارومدار ہے: | زکوٰۃ پر | تجارت پر | **عدل پر** | نماز پر |
| 9 | ھَلْ کا معنی ہے: | **کیا** | کہاں | کیوں | کب |
| 10 | رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا دعا ہے: | حضرت ابراہیم علیہ السلام کی | حضرت آدم علیہ السلام کی | **حضرت محمد ﷺ کی** | حضرت نوح علیہ السلام کی |
| 11 | نازل شدہ کتابوں کی تعداد ہے: | ایک | دو | **چار** | تین |
| 12 | اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرو: | **مال** | اہلیت | قابلیت | بہادری |
| 13 | عمل تابع ہے: | الکتاب | **علم** | دولت | پڑھائی |
| 14 | یُنْفِقُوْنَ کا مطلب ہے: | جمع کرنا | لڑنا | سونا | **خرچ کرنا** |
| 15 | نصف ایمان ہے: | زکوٰۃ | **پاکیزگی** | جہاد | نماز |

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



## (حصہ انشائی) کل نمبر:60 وقت: 2:10 گھنٹے

**2۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھئے:** 10

(i) قرآن کی رُو سے قیامت کی دو نشانیاں بیان کیجیے۔
(ii) کِرَامًا کَاتِبِیْنَ سے کیا مراد ہے؟
(iii) آپ ﷺ بچوں سے کیسا سلوک کرتے تھے؟
(iv) اٰمَنَ بِیْ اور شَبْعَانَ کا معنی لکھئے۔
(v) شرک سے کیا مراد ہے؟
(vi) توحید نسل انسانی کو کیا درس دیتی ہے؟
(vii) طہارتِ فکر سے کیا مراد ہے؟
(viii) فعل مضارع کی تعریف کیجیے۔

**3۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھئے:** 10

(i) اَذًی ، حَبَّۃٍ کے معنی لکھئے۔
(ii) ترجمہ لکھئے: وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۝
(iii) علم کی دو اقسام لکھئے۔
(iv) جہاد کی اہمیت دو سطور میں لکھئے۔
(v) دِمَآءٌ ، اَمْوَال کے واحد لکھئے۔
(vi) مرکب کی تعریف مع عربی مثال لکھئے۔
(vii) عدل اور ظلم سے کیا مراد ہے؟
(viii) فَاسْتَبِقُوا الْخَیْرَاتِ کا ترجمہ کیجیے۔

**4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھئے:** 10

(i) میانہ روی سے کیا مراد ہے؟
(ii) ترجمہ کیجیے: وَلَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا
(iii) تمسخر اُڑانے کی ممانعت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
(iv) ترجمہ لکھئے: اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ
(v) اکل حلال کی اہمیت مختصراً لکھئے۔
(vi) حیاء کے دو مراتب لکھئے۔
(vii) فرض شناسی سے کیا مراد ہے؟
(viii) اولاد کے فرائض لکھئے۔

5۔ درج ذیل آیاتِ قرآنی میں سے کسی دو کا ترجمہ اور تشریح کیجیے: 10

(الف) یَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا ؕ وَالْاَمْرُ یَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ۝

(ب) یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ۔

(ج) وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْیَتِیْمِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ حَتّٰى یَبْلُغَ اَشُدَّهٗ۔

6۔ درج ذیل احادیث میں سے کسی ایک کا ترجمہ اور مختصر تشریح لکھئے: 05

(الف) دِمَاؤُكُمْ وَاَمْوَالُكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ۔ (ب) اِيَّاكُمْ وَالْحَسَدَ، فَاِنَّ الْحَسَدَ يَاْكُلُ الْحَسَنَاتِ كَمَا تَاْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ۔

7۔ درج ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجیے: 10

(الف) عقیدۂ توحید کے انسانی زندگی پر اثرات (ب) رزق کمانے کے جائز ذرائع (ج) معاشرے میں حیا کی ضرورت و اہمیت

8۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کا جواب تحریر کیجیے: 05

(الف) فعل ماضی کی تعریف کیجیے اور عربی میں چار مثالیں دیجیے۔ (ب) اسم ضمیر کی تعریف کیجیے اور عربی میں تین مثالیں دیجیے۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



# ماڈل پیپر 2 — اسلامیات اختیاری (دہم)

**(معروضی حصہ) کل نمبر:15 وقت:20منٹ**

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A،B،C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جَائِعٌ کا معنی ہے: | دوست | دشمن | پیاسا | **بھوکا** |
| 2 | مشہور مسلم تعلیمی مرکز تھا: | تہران | یمن | روم | **قرطبہ** |
| 3 | جہاد کے اصول بیان کیے گئے ہیں سورۃ: | اخلاص میں | **انفال میں** | انفطار میں | بقرہ میں |
| 4 | قیامت کے دِن دیانتدار تاجر ساتھ ہو گا: | انبیاء علیہم السلام کے | **شہداء کے** | اولیاء کے | پرہیزگاروں کے |
| 5 | مَیْسُوْر کا معنی ہے: | گرم | سرد | مشکل | **آسان** |
| 6 | جنت میں کون داخل نہ ہو گا؟ | غریب | امیر | حریص | **مغرور** |
| 7 | علم میں مشغول رہنا برابر ہے: | **نماز** | روزہ | زکوٰۃ | حج |
| 8 | کم ناپنے والی قوم تھی حضرت: | ہود علیہ السلام کی | **شعیب علیہ السلام کی** | صالح علیہ السلام کی | نوح علیہ السلام کی |
| 9 | ثبوت مہیا کرنا ذمہ داری ہے: | قاضی کی | گواہ کی | **مدعی کی** | مدعا علیہ کی |
| 10 | کُتِبَتْ کی جمع ہے: | **کُتِبْنَ** | کُتِبُوْا | کُتِبَا | کُتِبْتُمْ |
| 11 | وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ آیت ہے سورہ کی: | حجرات | بقرہ | **انفطار** | نساء |
| 12 | نفاق ایک بیماری ہے: | **قلبی** | جسمانی | معاشرتی | دماغی |
| 13 | خَرَجَ فعل ہے: | امر | نہی | **ماضی** | مضارع |
| 14 | وُجُوْہٌ کا معنی ہے: | **چہرے** | ہاتھ | پاؤں | سر |
| 15 | خلیفہ جس نے بیٹے کو سزا دی: | حضرت علی رضی اللہ عنہ | حضرت عثمان رضی اللہ عنہ | **حضرت عمر رضی اللہ عنہ** | حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ |

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



**(حصہ انشائی) کل نمبر:60 وقت: 2:10 گھنٹے**

**2۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھئے:** 10

(i) "یَوْمُ الْبَعْث" کس دِن کو کہا جاتا ہے؟

(ii) مؤمنین کی دو صفات کی وضاحت کیجیے۔

(iii) حضورِ اکرم ﷺ کن کے ساتھ شفقت والا سلوک کرتے تھے؟

(iv) ترجمہ لکھئے: لَمْ یَشْکُرْ ، لَا یُرْحَمْ

(v) شرک کیا ہے؟

(vi) طہارت کی تین قسمیں لکھئے۔

(vii) طہارت لباس کی وضاحت کیجیے۔

(viii) اسم ضمیر مفصل کی دو اقسام کے نام لکھئے۔

**3۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھئے:** 10

(i) انفاق فی سبیل اللہ کی فضیلت بیان کیجیے۔

(ii) نظامِ شہادت (گواہی) کے دو زرّیں اصول بیان کیجیے۔

(iii) حدیث مبارکہ کی رُو سے سعادت مند کون ہے؟

(iv) ترجمہ لکھئے: وَمَآ اَدْرٰكَ مَايَوْمُ الدِّيْنِ۔

(v) جہاد کی دو اقسام بیان کیجیے۔

(vi) عدل کا مفہوم واضح کیجیے۔

(vii) قاضی کے لیے فیصلہ کرنے کے دو اصول لکھیے۔

(viii) جہاد کا مفہوم تحریر کیجیے۔

**4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھئے:** 10

(i) والدین کے دو حقوق بیان کیجیے۔

(ii) ترجمہ کیجیے: اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

(iii) فضول خرچ کون ہیں؟

(iv) قتل اولاد کی ممانعت کیوں کی گئی ہے؟

(v) حسد کے دو نقصانات لکھئے۔

(vi) قانونی مساوات کی تعریف کیجیے۔

(vii) فرض شناسی سے کیا مراد ہے؟

(viii) اسلامی عبادات کا کمال لکھئے۔

5۔ درج ذیل آیاتِ قرآنی میں سے کسی دو کا ترجمہ اور تشریح کیجیے: 10

(الف) وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝

(ب) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ

(ج) وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۭ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ۝

6۔ درج ذیل احادیث میں سے کسی ایک کا ترجمہ اور مختصر تشریح لکھئے: 05

(الف) مَنْ لَّا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ۔ (ب) اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ۔

7۔ درج ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجیے: 10

(الف) طہارتِ فکر اور طہارت اخلاق (ب) دورانِ جہاد مجاہدین کے لیے دستور العمل (ج) اسلامی عبادات کی امتیازی خصوصیات

8۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کا جواب تحریر کیجیے: 05

(الف) فعل معروف کی تعریف کیجیے اور عربی میں دو مثالیں دیجیے۔ (ب) جملہ اسمیہ کی تعریف کیجیے اور تین مثالیں دیجیے۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



## ماڈل پیپر 3 — اسلامیات اختیاری (دہم)

(معروضی حصہ) کل نمبر: 15 وقت: 20 منٹ

| سوال نمبر 1 | |
|---|---|
| | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C،B،A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | يُخٰدِعُوْنَ کا معنی ہے: | **دھوکا دیتے ہیں** | یقین کرتے ہیں | جانتے ہیں | مذاق کرتے ہیں |
| 2 | لَا تَلْمِزُوْا کا معنی ہے: | حسد نہ کرو | **عیب نہ لگاؤ** | لالچ نہ کرو | کنجوسی نہ کرو |
| 3 | اللہ تعالیٰ نے دِلوں پر مہر لگا دی ہے: | منافقوں کے | برے لوگوں کے | **کافروں کے** | مشرکوں کے |
| 4 | قِسْطَاسٌ کا معنی ہے: | وزن | **پیمانہ** | حجم | ترازو |
| 5 | الٓمّٓ کو کہا جاتا ہے: | حروفِ جارہ | **حروف مقطعات** | حروف استفہامیہ | حروف عطف |
| 6 | نیکیوں کو کھا جاتا ہے: | غیبت | جھوٹ | **حسد** | مذاق |
| 7 | دل میں محبت پیدا ہوتی ہے: | محنت سے | لڑائی سے | صفائی سے | **سلام کرنے سے** |
| 8 | سود اسلام کی نگاہ میں ہے: | **ظلم** | منافع بخش | اچھا | برا |
| 9 | ارکانِ اسلام میں شامل نہیں: | زکوٰۃ | **جہاد** | روزہ | نماز |
| 10 | نیکیوں کی جڑ ہے: | آخرت | دولت | رسالت | **توحید** |
| 11 | حضرت نوح علیہ السلام کا پیشہ تھا: | **نجاری** | بزازی | خیاطی | تجارت |
| 12 | جہاد کے لغوی معنی ہیں: | خوشی | **کوشش کرنا** | روکنا | لڑنا |
| 13 | کون سا ہاتھ بہتر ہے؟ | نیچے والا ہاتھ | بایاں ہاتھ | **دینے والا ہاتھ** | دایاں ہاتھ |
| 14 | ھَلْ کا معنی ہے: | کب | کیوں | کہاں | **کیا** |
| 15 | مرکب کم از کم الفاظ سے بنا ہے: | ایک | **دو** | تین | چار |

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



## (حصہ انشائی) کل نمبر:60 وقت: 2:10 گھنٹے

**2۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھئے:** 10

(i) متقین کی دو صفات تحریر کیجیے۔
(ii) الرقاب کی وضاحت کیجیے۔
(iii) رحم کے بارے میں حدیث کا مفہوم بیان کیجیے۔
(iv) طہارت فکر کی وضاحت کیجیے۔
(v) شرک کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے کیا ارشاد فرمایا؟
(vi) طہارت کی چار اقسام لکھئے۔
(vii) رسول کریم ﷺ پر ایمان کے تین پہلو تحریر کیجیے۔
(viii) اسم ضمیر کی تعریف کیجیے۔

**3۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھئے:** 10

(i) ترجمہ لکھئے: مُتَعَمِّدًا ، لَا تَتَّبِعُوْا
(ii) تمام انسانیت کا قاتل کون ہے؟
(iii) عصبیت سے کیا مراد ہے؟
(iv) علم کی فرضیت پر حدیث مبارکہ کا ترجمہ لکھئے۔
(v) علم کے دو فائدے لکھئے۔
(vi) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ذریعہ معاش پر مختصر نوٹ لکھئے۔
(vii) اللہ تعالیٰ کسی قوم کو سلطنت کس بنا پر دیتا ہے؟
(viii) ثُمَّ گرائمر کی رُو سے کیا ہے؟

**4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھئے:** 10

(i) معانی لکھئے: یُقَاتِلُوْنَ ، یُقْتَلُوْنَ
(ii) ترجمہ کیجیے: رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا
(iii) غیبت کسے کہتے ہیں؟
(iv) تکبر سے کیا مراد ہے؟
(v) حیا کے کوئی سے دو مراتب لکھئے۔
(vi) معاشی مساوات کی وضاحت کیجیے۔
(vii) حقوق النفس سے کیا مراد ہے؟
(viii) اسلامی عبادات کے کوئی سے دو مقاصد تحریر کیجیے۔

5۔ درج ذیل آیاتِ قرآنی میں سے کسی دو کا ترجمہ اور تشریح کیجیے: 10

(الف) خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ؕ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۫ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

(ب) وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝

(ج) يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ

6۔ درج ذیل احادیث میں سے کسی ایک کا ترجمہ اور مختصر تشریح لکھئے: 05

(الف) اَلسَّعِيْدُ مَنْ وُّعِظَ بِغَيْرِهٖ۔ (ب) لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ مِّنْ كِبْرٍ۔

7۔ درج ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجیے: 10

(الف) جہاد کی فضیلت (ب) حقوق العباد (ج) توحید "سورۃ اخلاص کی روشنی میں"

8۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کا جواب تحریر کیجیے: 05

(الف) فعل مضارع کی تعریف کیجیے اور عربی میں تین مثالیں دیجیے۔ (ب) فعل اضافی کی تعریف کیجیے اور عربی میں تین مثالیں دیجیے۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



# ماڈل پیپر 4 — اسلامیات اختیاری (دھم)

(معروضی حصہ) کل نمبر:15 وقت:20منٹ

**سوال نمبر 1** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A،B،C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | حضرت ابراہیم علیہ السلام کا زمانہ نبوت اندازاً۔۔۔ قبل مسیح ہے۔ | 1000 | **2000** | 3000 | 4000 |
| 2 | حضرت موسیٰ علیہ السلام نے۔۔۔۔۔۔سال عمر پائی: | 100 | 110 | **120** | 130 |
| 3 | جو لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لائے وہ کہلائے: | بھائی | دوست | رشتہ دار | **حواری** |
| 4 | آپ ﷺ پر پہلی وحی نازل ہوئی: | **غارِ حرا** | غارِ ثور | جبلِ نور | جبلِ اُحد |
| 5 | ہجرت حبشہ میں مسلمانوں کی جماعت مشتمل تھی: | 4مرد اور 11 عورتیں | **11 مرد اور 4 عورتیں** | 4مرد اور 4 عورتیں | 11مرد اور 11 عورتیں |
| 6 | حضرت محمد ﷺ نے۔۔۔۔۔۔۔ہجری میں خطبہ حجۃ الوداع دیا۔ | **10** | 11 | 12 | 13 |
| 7 | تثنیہ وہ اسم ہے جو چیزوں کو ظاہر کرے: | 4 | **3** | 2 | 1 |
| 8 | والدین کی اطاعت کا تعلق مضامین میں سے ہے: | عقائد | عبادات | معاملات | **اخلاقیات** |
| 9 | قِرَاْةً کا معنی ہے: | سمجھنا | پڑھانا | **پڑھنا** | بولنا |
| 10 | خانہ کعبہ میں بُت رکھے ہوئے تھے: | **360** | 366 | 359 | 362 |
| 11 | شَاهِدٌ کا معنی ہے: | خوشخبری دینے والا | **گواہ** | ڈرسنانے والا | بلانے والا |
| 12 | حضرت اسمٰعیل علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے وہ بیٹے ہیں جنہیں بچپن میں آپ علیہ السلام نے سرزمین۔۔۔۔۔میں آکر بسایا۔ | مدینہ | جدہ | ریاض | **مکہ** |
| 13 | بنیادی طور پر حقوق کی قسمیں ہیں: | 1 | **2** | 3 | 4 |
| 14 | دَمٌ کا معنی ہے: | **خون** | پھیپھڑے | دِل | جِگر |
| 15 | قرآن مجید نے نبی کے لیے لفظ استعمال کیا ہے: | حاجی | نمازی | غازی | **ہادی** |

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



(حصہ انشائی) کل نمبر:60 وقت: 2:10 گھنٹے

**2۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10**

(i) معنی لکھیے: يُخٰدِعُوْنَ ، مُصْلِحُوْنَ
(ii) ترجمہ کیجیے: كِرَامًا كَاتِبِيْنَ
(iii) نبی کریم ﷺ کی بچوں سے شفقت کے بارے میں دو سطور لکھیے۔
(iv) توحید سے کیا مراد ہے؟
(v) طہارت کی دو اقسام کے نام تحریر کیجیے۔
(vi) ترجمہ کیجیے: اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِيْمَانِ
(vii) قرآن مجید کے مطابق انسانیت کی روح سے کیا مراد ہے؟
(viii) مرکب ناقص سے کیا مراد ہے؟

**3۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10**

(i) گواہی کے کوئی سے دو اصول بیان کیجیے۔
(ii) اسلام میں قتل عمد کی کیا سزا ہے؟
(iii) بھیک مانگنے سے کیوں منع کیا گیا ہے؟
(iv) فعل مجہول کی تعریف کیجیے۔
(v) عدل کے معنی اور اس کی ضد لکھیے۔
(vi) اکل حلال کے حوالے سے کسی قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیے۔
(vii) جہاد کی اہمیت دو جملوں میں لکھیے۔
(viii) ترجمہ کیجیے: وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ

**4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10**

(i) معنی لکھیے: اِشْتَرٰى ، يُقْتَلُوْنَ
(ii) بچوں پر والدین کے کوئی سے دو حقوق لکھیے۔
(iii) معنی لکھیے: تَعَاطُفْ ، تَرَاحُمْ
(iv) حیا کے بارے میں ایک حدیث کا ترجمہ لکھیے۔
(v) معاشی مساوات کی تعریف کیجیے۔
(vi) اسلامی عبادات کی کوئی دو خصوصیات لکھیے۔
(vii) شوہر کے کوئی سے دو فرائض لکھیے۔
(viii) کوئی سے دو حروف جار عربی میں لکھیے۔

5۔ درج ذیل آیاتِ قرآنی میں سے کسی دو کا ترجمہ اور تشریح کیجیے: 10

(الف) يَصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ ○ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ ○
(ب) وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ○
(ج) وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّ اَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ○

6۔ درج ذیل احادیث میں سے کسی ایک کا ترجمہ اور مختصر تشریح لکھیے: 05

(الف) مَنْ لَّمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِ اللّٰهَ۔ (ب) لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ كِبْرٍ۔

7۔ درج ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجیے: 10

(الف) علم کی دو اقسام (ب) فیصلہ کے کوئی سے پانچ اصول (ج) سماجی انصاف

8۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کا جواب تحریر کیجیے: 05

(الف) اسم ضمیر متصل کی تعریف کیجیے اور عربی میں دو مثالیں دیجیے۔ (ب) فعل لازم کی تعریف کیجیے اور عربی میں چار مثالیں دیجیے۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



## ماڈل پیپر 5 — اسلامیات اختیاری (دہم)

(معروضی حصہ) کل نمبر:15 وقت:20منٹ

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A،B،C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | روزی کمانے کے ناجائز ذرائع میں سے ایک ہے: | شکار | تجارت | **سود** | ملازمت |
| 2 | عبادت کے بعد دوسرا فرض ہے: | **حلال روزی کمانا** | علم حاصل کرنا | روزہ رکھنا | خدمت کرنا |
| 3 | يَحْزُنُ کا معنی ہے: | **غمگین کرتا ہے** | محروم کرتا ہے | تنگ کرتا ہے | جھگڑا کرتا ہے |
| 4 | سوال کرنا/مانگنا ضائع کرتا ہے: | مال کو | علم کو | **عزت کو** | طاقت کو |
| 5 | عدل کی ضد ہے: | جہالت | **ظلم** | جھوٹ | انصاف |
| 6 | گواہی صرف ۔۔۔۔۔۔ کے لیے دی جاتی ہے۔ | والدین | دوستوں | رشتہ داروں | **اللہ** |
| 7 | اَقْلَامٌ جمع ہے: | **قَلَمٌ** | قَلَمَانِ | قَلَمُوْنَ | قَلَمَيْنِ |
| 8 | أَنْتُمْ کا معنی ہے: | میں | **تم** | ہم | وہ |
| 9 | حَبَّةٍ کے معنی ہیں: | **دانہ** | تنا | جڑ | پتا |
| 10 | صدقہ و خیرات کے سب سے زیادہ مستحق ہیں: | دوست | والدین | **قریبی رشتہ دار** | مسافر |
| 11 | قَضٰی کا معنی ہے: | قاضی | **فیصلہ سنایا** | قصہ سنایا | یاد کیا |
| 12 | اللہ نے انسان کو علم سکھایا ۔۔۔۔۔۔۔۔ کے ذریعے۔ | فرشتوں | کاغذ | عمل | **قلم** |
| 13 | بے شک شرک بہت بڑا ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔ | فیصلہ | مرکز | جرم | **ظلم** |
| 14 | حقوق کی ادائیگی میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے: | معاشرہ | دولت | **فضول خرچی** | شیطان |
| 15 | عدل و انصاف پر کائنات کے ۔۔۔۔۔۔۔۔ کا انحصار ہے۔ | رک جانے | **امن** | گڑبڑ | چلنے |

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



## (حصہ انشائی) کل نمبر:60 وقت: 2:10 گھنٹے

**2۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10**

(i) معنی لکھیے: فُجِّرَتْ ، بُعْثِرَتْ
(ii) ترجمہ کیجیے: خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ؕ
(iii) معنی لکھیے: صَغِيْرٌ ، كَبِيْرٌ
(iv) توحید کے لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیے۔
(v) توحید کے انسانی زندگی پر دو اثرات لکھیے۔
(vi) حدیث کی رُو سے علم کی دو اقسام تحریر کیجیے۔
(vii) طہارتِ فکر پر دو سطریں لکھیے۔
(viii) اسم ضمیر کی دو اقسام کے نام لکھیے۔

**3۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10**

(i) معنی تحریر کیجیے: جَزَآءً ، اَعَدَّ
(ii) ترجمہ کیجیے: وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○
(iii) ترجمہ کیجیے: فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ ؕ
(iv) عدل کے دو فوائد تحریر کیجیے۔
(v) جہاد فی سبیل اللہ کی اجازت کی کوئی دو صورتیں تحریر کیجیے۔
(vi) دورانِ جنگ مجاہدین کے لیے کوئی دو دستور العمل تحریر کیجیے۔
(vii) سمگلنگ سے کیا مراد ہے؟
(viii) فعل مجہول کی تعریف کیجیے۔

**4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10**

(i) ترجمہ کیجیے: اِذَا فَاتَكَ الْحَيَاءُ فَافْعَلْ مَا شِئْتَ
(ii) قانونی مساوات کی مختصر اُوضاحت کیجیے۔
(iii) حیا کے کوئی دو مراتب لکھیے۔
(iv) کوئی سے دو حروفِ عطف عربی میں لکھیے۔
(v) معنی لکھیے: يَظْلِمُ ، يَخْذُلُ
(vi) والدین کے کوئی سے دو حقوق لکھیے۔
(vii) یتیموں کے مال کے بارے میں قرآن مجید میں کیا حکم دیا گیا ہے؟
(viii) ترجمہ کیجیے: اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرًا ○

5۔ درج ذیل آیاتِ قرآنی میں سے کسی دو کا ترجمہ اور تشریح کیجیے: 10

(الف) وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْآ اِنَّا مَعَكُمْ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ○

(ب) اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ○ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ○

(ج) وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ

6۔ درج ذیل احادیث میں سے کسی ایک کا ترجمہ اور مختصر تشریح لکھیے: 05

(الف) دِمَاؤُكُمْ وَاَمْوَالُكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ۔ (ب) مَثَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ تَوَادِّهِمْ وَتَرَاحُمِهِمْ وَتَعَاطُفِهِمْ مَثَلُ الْجَسَدِ، اِذَا اشْتَكٰى مِنْهُ عُضْوٌ تَدَاعٰى لَهٗ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالسَّهَرِ وَالْحُمّٰى

7۔ درج ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجیے: 10

(الف) اطاعتِ رسول ﷺ پر ایک آیت اور ایک حدیث کا اُردو میں ترجمہ لکھیے۔

(ب) روزی کمانے کے کوئی سے چار ناجائز ذرائع لکھیے اور ان کی وضاحت کیجیے۔ (ج) حیا کے تین مراتب تفصیلاً لکھیے۔

8۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کا جواب تحریر کیجیے: 05

(الف) خَرَجَ سے فعل ماضی کی گردان کے کوئی دس صیغے لکھیے۔ (ب) جملہ اسمیہ سے کیا مراد ہے؟ اس کے اجزاء لکھیے۔

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



# جوابات

## باب نمبر1: القرآن

| سوال نمبر | جواب | سوال نمبر | جواب | سوال نمبر | جواب |
|---|---|---|---|---|---|
| 01 | (d) حضرت اسرافیل علیہ السلام | 02 | (a) تنگدستی کے خوف سے | 03 | (d) تقویٰ |
| 04 | (c) لکھنے والے | 05 | (c) مال اور جان | 06 | (b) پہچان کے لیے |
| 07 | (c) منافقین | 08 | (c) مذاق | 09 | (c) والدین کے |
| 10 | (a) جنت کے | 11 | (b) پیدا کیا | 12 | (b) جب آسمان پھٹ جائے گا |
| 13 | (c) ستارے | 14 | (b) حروفِ مقطعات | 15 | (c) قرآن مجید |
| 16 | (a) دانہ | 17 | (d) سات سو گنا | 18 | (a) تُم ہو جاؤ |
| 19 | (d) انکار نہ کرو | 20 | (c) توحید پر | 21 | (b) جان بوجھ کر |
| 22 | (a) تیار کیا | 23 | (a) شیطان کے بھائی | 24 | (a) یتیم |
| 25 | (d) یہ تمام | 26 | (c) کم ناپنا اور تولنا | 27 | (c) خوب تحقیق |
| 28 | (c) قلبی | 29 | (a) نیکی | 30 | (b) قرابت داری |
| 31 | (c) غیبت | 32 | (d) اللہ تعالیٰ کی | 33 | (c) وہ جانتے ہیں |
| 34 | (a) زمین کو | 35 | (c) مال | 36 | (a) دوزخ |
| 37 | (a) گردنیں | 38 | (b) 3 | 39 | (a) صلح |
| 40 | (c) دھوکہ دیتے ہیں | 41 | (a) پیٹھ پیچھے برائی کرنا | 42 | (a) مسافر |
| 43 | (c) جرم | 44 | (b) اصلاح کرنے والے | 45 | (a) زنا |
| 46 | (a) خریدا | 47 | (d) بندھا ہوا | 48 | (a) برابر |
| 49 | (a) بالیاں | 50 | (b) 3 | 51 | (c) مال کو |
| 52 | (d) فرشتے | 53 | (b) یتیم کے | 54 | (c) ولی |
| 55 | (c) عبادت کے لیے | 56 | (a) قرآن پاک | 57 | (b) والدین پر |
| 58 | (d) منافق | 59 | (d) مسلمین | 60 | (c) شیطان نے |
| 61 | (c) بدلہ | 62 | (c) نعیم میں | | |

☆☆☆☆☆

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



## باب نمبر 2: الاحادیث

| سوال نمبر | جواب | سوال نمبر | جواب | سوال نمبر | جواب |
|---|---|---|---|---|---|
| 01 | (a) جسم | 02 | (c) سلام میں | 03 | (b) پڑوسی |
| 04 | (b) سعادت مند | 05 | (a) فرض | 06 | (b) دِل |
| 07 | (b) زبان سے | 08 | (d) نصیحت | 09 | (a) صحابی کا |
| 10 | (a) وحی کی | 11 | (b) احترام نہیں کیا | 12 | (d) اس نے شکر ادا نہ کیا |
| 13 | (b) رات گزاری | 14 | (b) بھوکا | 15 | (d) اس نے کھولا |
| 16 | (c) نیکیاں | 17 | (c) نیکیوں کو | 18 | (c) دل |
| 19 | (a) سعادت مند | 20 | (c) تمہارا خون | 21 | (a) انسان کی |
| 22 | (c) سلام سے | 23 | (b) اللہ تعالیٰ کا | | |

☆☆☆☆☆

## باب نمبر 3: تعلیماتِ اسلام

| سوال نمبر | جواب | سوال نمبر | جواب | سوال نمبر | جواب |
|---|---|---|---|---|---|
| 01 | (a) پاکیزگی | 02 | (d) حیا | 03 | (b) توحید |
| 04 | (d) 5 | 05 | (d) حضرت محمد ﷺ | 06 | (c) عربی |
| 07 | (c) توحید کو | 08 | (c) توحید کو | 09 | (a) عقیدۂ توحید سے |
| 10 | (c) مشرکوں کو | 11 | (b) شرک | 12 | (b) شرک |
| 13 | (d) خلافت | 14 | (d) شرک | 15 | (c) اللہ تعالیٰ سے |
| 16 | (c) اللہ تعالیٰ کی | 17 | (c) انسان | 18 | (d) میدانِ عرفات |
| 19 | (d) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا | 20 | (d) حضرت محمد ﷺ | 21 | (c) طہارتِ فکر |
| 22 | (a) انسان اور حیوان میں | 23 | (d) روح | 24 | (a) علم |
| 25 | (a) دین کا علم | 26 | (c) برابر | 27 | (c) علم کی |
| 28 | (b) دو | 29 | (c) طب | 30 | (a) صدقہ |
| 31 | (b) علم | 32 | (c) اندلس | 33 | (b) نجاری |
| 34 | (b) سزا دینے سے | 35 | (c) مدعاعلیہ | 36 | (a) حضرت علی رضی اللہ عنہ کو |
| 37 | (a) حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو | 38 | (b) ابوتراب | 39 | (b) انفال |

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org www.pakcity.org



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 40 | (a) کوشش کرنا | 41 | (d) جہاد | 42 | (d) b اور c دونوں |
| 43 | (d) ساٹھ | 44 | (c) جوا | 45 | (c) تجارت |
| 46 | (d) غدارِ وطن | 47 | (d) دشمن | 48 | (a) زمین کی پیداوار پر |
| 49 | (d) حیا | 50 | (b) انصاف پر | 51 | (c) متقی |
| 52 | (b) حق | 53 | (a) حکومت کی | 54 | (c) نزوان |
| 55 | (b) اعتدال کی | 56 | (c) راہب | 57 | (a) غلامی کا |
| 58 | (b) ہر پاک جگہ پر | 59 | (a) عمل | 60 | (b) زیور انسانیت سے |
| 61 | (b) دو | 62 | (a) طہارت | 63 | (d) ظلم کی |
| 64 | (b) تلاش رزق حلال | 65 | (a) رسول اکرم ﷺ | 66 | (b) اچھا سلوک |
| 67 | (c) توحید پر | 68 | (a) تین | | |

☆☆☆☆☆

## باب نمبر 4: عربی قواعد

| سوال نمبر | جواب | سوال نمبر | جواب | سوال نمبر | جواب |
|---|---|---|---|---|---|
| 01 | (b) فعل کی | 02 | (a) فعل کی | 03 | (a) تو لکھتا ہے |
| 04 | (d) دو | 05 | (b) اسم ضمیر کی | 06 | (b) فعل ماضی |
| 07 | (b) مرکب توصیفی | 08 | (b) اسمیہ | 09 | (b) فعلیہ |
| 10 | (b) مجہول | 11 | (c) چودہ | 12 | (c) امر کی |
| 13 | (a) ماضی مطلق کی | 14 | (b) 6 | 15 | (c) پر |

☆☆☆☆☆

Please visit for more data at: www.pakcity.org